www.mashriqquetta.com.pk

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

کوئٹہ اور حب سے شائع ہونیوالا واحد قومی روزنامہ

Daily MASHRIQ QUETTA

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

روزنامہ مشرق کوئٹہ

چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد

جلد 54 | پیر یکم رجب 1447ھ 22 دسمبر 2025ء، صفحات 08 | شمارہ 168

رجسٹرڈ BC-m-1 | Email. mashriqqta2008@gmail.com | PTCL 081-2827345 081-2827344 | قیمت 35 روپے

نوکنڈی آئل ٹینکر اور پک اپ میں تصادم 10 افغان شہریوں سمیت 11 جاں بحق، 9 زخمی

بولان اور پنجگور میں حادثات، 5 افراد جان کی بازی ہار گئے

حادثے کے فوراً بعد زخمی افراد کو نوکنڈی ہسپتال میں ابتدائی طبی امداد دینے کے بعد میتوں کے ہمراہ افغانستان روانہ کر دیا گیا، جاں بحق ڈرائیور کی لاش ضروری کارروائی کے بعد ورثا کے حوالے

کراچی سے پنجگور جانے والی کوچ الٹنے سے ڈرائیور جاں بحق تین مسافر زخمی ہو گئے، تیز رفتار بس نے ظہیر احمد اور یعقوب کو کچل دیا، گیشانی مچھ کے قریب کوچ کی ٹکر سے سمیع اللہ اور امتیاز ہلاک

دالبندین (نامہ نگار) نوکنڈی کے قریب ایک افسوسناک ٹریفک حادثے میں پک اپ گاڑی اور آئل ٹینکر آپس میں ٹکرا گئے، جس کے نتیجے میں 11 افراد جاں بحق جبکہ 9 افراد زخمی ہو گئے۔ حادثے کے فوراً بعد ریسکیو ٹیموں نے زخمیوں اور جاں بحق افراد کو نوکنڈی ہسپتال منتقل کیا، ہسپتال ذرائع کے مطابق زخمیوں کو ابتدائی طبی امداد فراہم کی گئی۔ پولیس ذرائع کا کہنا ہے کہ حادثے میں جاں بحق اور زخمی ہونے والے تمام افراد...... بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر

بانی کی صحت سے متعلق انکے بیٹوں کا بیان درست نہیں، مشرف زیدی

عمران کی بہن دس روز میں دو مرتبہ ملاقات کر چکی ہیں، ترجمان وفاقی حکومت

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وفاقی حکومت کے ترجمان مشرف زیدی نے بانی پی ٹی آئی عمران خان کی صحت سے متعلق انکے بیٹوں کے بیان کی تردید کر دی ہے۔ انٹرویو میں حکومتی...... بقیہ 4 صفحہ نمبر 7 پر

15 جنوری کو پورے ملک میں عوامی ریفرنڈم ہوگا، حافظ نعیم

اسمبلی میں بیٹھے لوگ جیتے نہیں بلکہ انہیں مسلط کیا گیا ہے، دھرنے سے خطاب

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) جماعت اسلامی پاکستان کے امیر حافظ نعیم الرحمان نے کہا ہے کہ 15 جنوری کو پورے ملک میں عوامی ریفرنڈم ہوگا اور پھر چاروں صوبائی اسمبلیوں...... بقیہ 5 صفحہ نمبر 7 پر

انڈر 19 ایشیا کپ فائنل پاکستان نے اپنے نام کر لیا

پاکستان کے 348 رنز کے ہدف میں بھارتی ٹیم 156 رنز پر ڈھیر

چیئرمین پی سی بی محسن نقوی کا ہر کھلاڑی کو 50 لاکھ روپے دینے کا اعلان

اسلام آباد (زاہد احمد خان) ایشین کرکٹ کونسل (اے سی سی) انڈر 19 ایشیا کپ کے فائنل میں پاکستان نے بھارت کو 191 رنز سے شکست دے کر ٹرافی اپنے نام کر لی۔ 348 رنز کے تعاقب میں بھارتی ٹیم 156 رنز پر ڈھیر ہو گئی۔ اس سے قبل بھارت نے پاکستان کے خلاف ٹاس...... بقیہ 6 صفحہ نمبر 7 پر

ڈی آئی خان اور بنوں میں بھارتی حمایت یافتہ 9 دہشتگرد ہلاک

ہلاک شدگان دہشت گردی اور معصوم شہریوں کی ٹارگٹ کلنگ میں ملوث تھے، اسلحہ و گولہ بارود برآمد

سیکورٹی فورسز کی جانب سے فتنہ الخوارج کے خلاف کارروائیاں کی گئیں، کلیئرنس اور سرچ آپریشنز جاری

سیکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی انسداد دہشت گردی مہم جاری رہے گی، آئی ایس پی آر

اسلام آباد (شاکر رحمان) سیکیورٹی فورسز نے خیبر پختونخوا میں بھارتی پراکسی فتنہ الخوارج کے خلاف دو مختلف کارروائیوں میں 9 خوارج کو ہلاک کر دیا۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) سے جاری بیان کے مطابق 19 دسمبر کو خیبر پختونخوا...... بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی اپنے چچازاد بھائی وڈیرہ محمد شریف بگٹی کی نماز جنازہ میں شریک ہیں

پاکستان عراق کی خودمختاری کی بھرپور حمایت کرتا ہے، صدر زرداری

عراق کو ہنرمند اور نیم ہنرمند افرادی قوت فراہم کرنے کو تیار ہیں، تجارت کے فروغ کیلئے مالیاتی سہولیات ناگزیر ہیں

عراق قوانین کی خلاف ورزی کرنیوالوں کیخلاف سخت اقدامات کے حامی ہیں، صدر مملکت کی بغداد پیلس میں بات چیت

عراقی ہم منصب سے ملاقات، دوطرفہ تعلقات، خطے کی صورتحال پر تبادلہ خیال، عالمی فورمز پر مشاورت جاری رکھنے پر اتفاق

اسلام آباد (شاکر رحمان) صدر مملکت آصف علی زرداری نے عراق کے صدر کو ملک کی تعمیر نو میں پاکستان کے کردار کی پیشکش کی جبکہ دونوں ممالک نے دہشت گردی، انتہا پسندی اور منشیات کے خلاف مشترکہ جدوجہد پر اتفاق کیا۔ صدر مملکت آصف علی زرداری نے...... بقیہ 7 صفحہ نمبر 7 پر

چمن کوژک ٹاپ پر موسم سرما کی پہلی برفباری کے بعد متعلقہ محکمے کوئٹہ چمن قومی شاہراہ سے ہیوی مشینری اور کیمیکل کے ذریعے برف ہٹا رہے ہیں

ریاست کے علاوہ کسی کو اختیار نہیں کہ جہاد کا فتویٰ جاری کرے، فیلڈ مارشل

افغان طالبان کی پشت پناہی سے خوارج ہمارے معصوم شہریوں اور بچوں کو نشانہ بنا رہے ہیں، پاکستان میں دراندازی کرنیوالے 70 فیصد افغانی دہشتگرد ہیں

ریاست طیبہ اور ریاست پاکستان کا قیام کلمہ کی بنیاد پر رمضان المبارک میں ہوا، دونوں ریاستوں میں مماثلت کی وجہ یہ ہے کہ رب کائنات نے انہیں خادم الحرمین اور ہمیں محافظ الحرمین بنانا تھا

آپریشن بنیان المرصوص میں اللہ کی مدد آتے ہوئے دیکھی اور محسوس کی، افغانستان کو فتنہ الخوارج اور پاکستان میں سے کسی ایک کا انتخاب کرنا ہوگا، جنرل سید عاصم منیر کا قومی علماء مشائخ کانفرنس سے خطاب

راولپنڈی (زاہد احمد خان) چیف آف آرمی اسٹاف و چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے کہا ہے کہ افغان طالبان کی پشت پناہی سے دہشت گردی...... بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 پر

پنشن اور تنخواہ ایک ساتھ لینے پر عائد پابندی ختم

ریٹائرڈ افسران کو دوبارہ ملازمت پر مکمل مالی مراعات دینے کا فیصلہ

حکومت نے ڈبل بینیفٹ اسکیم بحال کر دی ہے، نوٹیفکیشن جاری

اسلام آباد (شاکر رحمان) وفاقی حکومت نے پنشن اور تنخواہ ایک ساتھ لینے پر عائد پابندی ختم کر دی، اس حوالے سے نوٹیفکیشن بھی جاری کر دیا گیا۔ نوٹیفکیشن میں کہا گیا ہے کہ پنشن کیسز میں 22 اپریل اور 19 جون کے آفس میمورنڈم فوری طور پر ختم...... بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 پر

انگریز یا ہندو سے نہیں اسٹیبلشمنٹ سے خطرہ ہے، مولانا فضل الرحمن

صرف دینی مدارس ہیں جنہوں نے ملک کو ٹاپ رینکنگ پر رکھا ہے، سربراہ جمعیت

کراچی (م ز) جمعیت علماء اسلام پاکستان کے امیر مولانا فضل الرحمن نے کہا ہے کہ ہمیں انگریز یا ہندو سے نہیں دینی علوم کے لیے مسلمانوں سے خطرہ ہے اپنی بیورو...... بقیہ 9 صفحہ نمبر 7 پر

ایشیا کپ فائنل، شاہینوں نے بھارت کا غرور خاک میں ملا دیا، گورنر، وزیراعلیٰ

اہم مقابلے میں پاکستانی انڈر 19 ٹیم نے غیر معمولی کارکردگی کا مظاہرہ کیا، بھارت پر مکمل اور واضح برتری ثابت کی

فتح ہمیشہ انہی ٹیموں اور قوموں کا مقدر بنتی ہے جو حوصلے، خود اعتمادی اور قومی جذبے کیساتھ میدان میں اترتی ہیں، پیغامات

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل اور وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے انڈر 19 ایشیا کپ کے فائنل میں بھارت کے خلاف شاندار اور فیصلہ کن فتح پر پاکستانی شاہینوں کو دلی مبارکباد پیش کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ قومی انڈر 19 کرکٹ ٹیم نے فائنل جیسے اہم مقابلے میں غیر معمولی کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے بھارت پر مکمل اور واضح برتری...... بقیہ 11 صفحہ نمبر 7 پر

بند کمرہ جیل ٹرائل آزاد ہے اور نہ ہی منصفانہ، پی ٹی آئی

عمران خان کے اہلخانہ کو جیل کے اندر جانے کی اجازت نہیں، بیان

فیصلے پہلے سے لکھی گئی اسکرپٹ کے تحت سنائے جا رہے ہیں، علیمہ خان

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان تحریک انصاف نے بانی عمران خان اور بشریٰ بی بی کے خلاف توشہ خانہ ٹو کیس کے فیصلے پر اپنے ردعمل میں کہا ہے کہ عمران خان کے اہل خانہ کو جیل کے اندر جانے کی اجازت نہیں دی گئی، جہاں کینگرو کورٹ نے توشہ خانہ-2 کیس...... بقیہ 10 صفحہ نمبر 7 پر

مذاکرات کیلئے تیار، ملک میں شفاف انتخابات کرائے جائیں، اپوزیشن

خیبر پختونخوا کے امن جرگے کے متفقہ لائحہ عمل پر عمل کیا جائے، 8 فروری کو بین الاقوامی طور پر یوم سیاہ منائیں گے

عمران خان سمیت تمام سیاسی قیدیوں کو رہا کیا جائے، خیبر پختونخوا کو این ایف سی میں اس کا حصہ دیا جائے، اعلامیہ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) اپوزیشن اتحاد تحریک تحفظ آئین پاکستان نے ملک میں نئے صاف و شفاف انتخابات کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ 8 فروری 2024 کے انتخابات میں دھاندلی کی تحقیقات کروائی جائیں اور واضح کیا ہے کہ اپوزیشن مذاکرات کے...... بقیہ 12 صفحہ نمبر 7 پر

خضدار اور گردونواح میں زلزلے کے جھٹکے

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کے ضلع خضدار اور گردونواح میں زلزلے کے جھٹکے محسوس کیے گئے ہیں۔ زلزلہ پیما مرکز کے مطابق زلزلے کی شدت 3.3 اور گہرائی 8 کلومیٹر ریکارڈ کی گئی جبکہ زلزلے کا مرکز خضدار...... بقیہ 14 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعلیٰ کے کزن وڈیرہ محمد شریف بگٹی کی بیکڑ میں نماز جنازہ ادا

سرفراز بگٹی 24 اور 25 دسمبر کو سی ایم ہاؤس میں فاتحہ خوانی لیں گے

بیکڑ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے کزن، ممتاز قبائلی رہنما، چیف آف بگٹیز وڈیرہ محمد شریف بگٹی مرحوم کی نماز جنازہ بیکڑ میں ادا کر دی گئی۔ نماز جنازہ میں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سمیت ہزاروں افراد نے شرکت کی نماز جنازہ میں بگٹی اقوام...... بقیہ 13 صفحہ نمبر 7 پر

سعودی، سزائے موت پانے والے افراد کی تعداد میں اضافہ

رواں سال 2 پاکستانیوں سمیت 347 افراد کو سزائے موت دی گئی

جدہ (م ز) سعودی عرب میں سزائے موت پانے والے افراد کی تعداد میں پچھلے سال کی نسبت اس سال اضافہ دیکھا گیا ہے۔ اعداد و شمار کے مطابق رواں سال اب تک کم از کم 347 افراد کو سزائے موت دی جا چکی ہے جبکہ گزشتہ سال یہ تعداد 345 تھی۔ یہ اعداد و شمار...... بقیہ 15 صفحہ نمبر 7 پر

جوائنٹ روڈ پر تجاوزات کی بھرمار اور ڈبل پارکنگ سے ٹریفک جام رہتی ہے

شام کے اوقات میں دکانی بابا چوک سے بینظیر پل تک ریڑھیوں اور ڈبل پارکنگ کی وجہ سے سڑک سے گزرنا محال ہو چکا ہے

موٹر سائیکل سواروں اور پیدل چلنے والوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے جبکہ ایمبولینس اور فائر بریگیڈ جیسی سروسز تاخیر کا شکار رہتی ہیں

فٹ پاتھوں پر سامان اور سڑک پر ریڑھیوں کی وجہ سے پیدل گزرنا ناممکن ہو چکا ہے ٹریفک پولیس اور انتظامیہ موثر کارروائی کرے، عوامی حلقے

کوئٹہ (جنرل رپورٹر) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کے مصروف ترین علاقوں میں شمار ہونے والی جوائنٹ روڈ ایک بار پھر شدید ٹریفک جام، بدانتظامی اور تجاوزات کی علامت بن چکی ہے۔ شام کے اوقات کار میں دکانی بابا چوک سے بینظیر پل تک کا پورا علاقہ شہریوں کے لیے مستقل اذیت کا منظر پیش کرتا ہے، جہاں بے ہنگم تجاوزات، گاڑیوں کی ڈبل پارکنگ اور پھل و سبزی فروشوں کی بے ترتیب ریڑھیوں نے سڑک کو اس حد تک تنگ کر دیا ہے کہ موٹر سائیکل سواروں اور پیدل چلنے والوں کے لیے گزرنا بھی مشکل ہو جاتا ہے۔ صورتحال کی سنگینی کے باوجود ٹریفک پولیس اور متعلقہ انتظامیہ کی خاموشی شہریوں کے لیے سوالیہ نشان بن چکی ہے۔ تفصیلات کے مطابق شام چار بجے کے بعد جیسے ہی بازاروں میں رش بڑھتا ہے، جوائنٹ روڈ پر ٹریفک کا نظام مکمل طور پر درہم برہم ہو جاتا ہے۔ دکانی بابا چوک سے بینظیر پل تک سڑک کے دونوں اطراف دکانوں کے سامنے ناجائز توسیعات، عارضی اسٹالز اور ریڑھیاں سجا دی جاتی ہیں، جس کے باعث سڑک کی اصل چوڑائی آدھی سے بھی کم رہ جاتی ہے۔ رہی سہی کسر گاڑیوں کی ڈبل پارکنگ ختم کر دیتی ہے، جس سے ٹریفک کی روانی مکمل طور پر متاثر ہوتی ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ اس اہم شاہراہ پر روزانہ ہزاروں گاڑیاں، موٹر سائیکلیں اور پیدل افراد گزرتے ہیں، لیکن بدانتظامی کے باعث معمول کا سفر بھی گھنٹوں پر محیط ہو جاتا ہے۔ ایمبولینس، فائر بریگیڈ اور دیگر ہنگامی سروسز کے لیے اس علاقے سے گزرنا کسی آزمائش سے کم نہیں۔ کئی مواقع پر مریضوں کو بروقت اسپتال نہ پہنچایا جا سکنے کی شکایات بھی سامنے آ چکی ہیں۔ رہائشیوں کے مطابق تجاوزات میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے۔ ہر دکاندار نے اپنی دکان کے سامنے فٹ پاتھ پر سامان سجا رکھا ہے جبکہ سبزی اور پھل فروش سڑک کے درمیان ریڑھیاں لگا کر کاروبار کر رہے ہیں۔ اس صورتحال میں پیدل چلنے والوں کو یا تو سڑک پر آنا پڑتا ہے یا پھر گاڑیوں کے درمیان سے گزرنا پڑتا ہے، جس سے حادثات کا خدشہ ہر وقت موجود رہتا ہے۔ گزشتہ چند ہفتوں کے دوران معمولی ٹریفک حادثات میں بھی اضافہ ہوا ہے، تاہم کوئی موثر اقدام نظر نہیں آ رہا۔ ٹریفک پولیس کی عدم موجودگی یا محدود کارروائی پر بھی عوامی حلقوں میں شدید تشویش پائی جاتی ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ بعض اوقات پولیس اہلکار نظر تو آتے ہیں لیکن مستقل بنیادوں پر نہ تو ڈبل پارکنگ کے خلاف کارروائی کی جاتی ہے اور نہ ہی تجاوزات ہٹانے کے لیے کوئی سنجیدہ کوشش دکھائی دیتی ہے۔ چند لمحوں کے لیے ٹریفک بحال کر کے اہلکار غائب ہو جاتے ہیں، جس کے بعد صورتحال دوبارہ جوں کی توں ہو جاتی ہے۔ سماجی حلقوں کا کہنا ہے کہ جوائنٹ روڈ کوئٹہ کی اہم شاہراہ ہے اور یہاں کی بدانتظامی پورے شہر کے ٹریفک نظام کو متاثر کرتی ہے۔ اگر اس علاقے میں تجاوزات کا مستقل حل نکال لیا جائے اور پارکنگ کے واضح اصول لاگو کر دیے جائیں تو نہ صرف ٹریفک کی روانی بہتر ہو سکتی ہے بلکہ شہریوں کو بھی ریلیف مل سکتا ہے۔ انہوں نے تجویز دی کہ مخصوص مقامات پر ریڑھی بازار قائم کیے جائیں اور فٹ پاتھوں کو عملی طور پر پیدل چلنے والوں کے لیے بحال کیا جائے۔ عوامی حلقوں نے ضلعی انتظامیہ، میٹروپولیٹن کارپوریشن اور ٹریفک پولیس سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ فوری طور پر مشترکہ آپریشن شروع کریں۔ ڈبل پارکنگ کرنے والی گاڑیوں کے خلاف جرمانے اور گاڑیاں ضبط کرنے کا عمل موثر بنایا جائے جبکہ تجاوزات قائم کرنے والے دکانداروں اور ریڑھی بانوں کے خلاف بلاامتیاز کارروائی کی جائے۔ وقتی کارروائیاں مسئلے کا حل نہیں بلکہ مستقل نگرانی اور سخت عملدرآمد ہی اس دیرینہ مسئلے کا واحد حل ہے۔

سیکرٹری ٹرانسپورٹ اور سیکرٹری آر ٹی اے بلوچستان کی ہدایت پر پی ٹی اے اور موٹر وے پولیس طور ناصر کراس پر مسافر کوچز کے فٹنس سرٹیفکیٹ کا معائنہ کر رہے ہیں

بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ سے شہری زندگی مفلوج ہو گئی ہے، علاقہ مکین

بارش کی پیشن گوئی ہوتے ہی کیسکو عملہ بجلی بند کرنے کی حکمت عملی شروع کر دیتا ہے

گزشتہ روز بجلی بند ہوتے ہی کاروباری سرگرمیاں رک گئی، مارکیٹیں وقت سے پہلے بند ہو گئی، تاجروں کی شکایت

کوئٹہ (ایریا رپورٹر) کوئٹہ شہر میں معمولی بارش ہوتے ہی مختلف محکموں کے پول کھل کر سامنے آ گئی، بارش کی پہلی بوند زمین پر آنے سے قبل بجلی چلی گئی بجلی کی طویل و غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کے باعث کاروباری سرگرمیاں مفلوج، دکانیں و مارکیٹیں اپنے وقت سے پہلے بند ہو گئی سڑکیں ویران نظر آنے لگی، جس پر رد عمل کا اظہار کرتے ہوئے کوئٹہ کے مختلف علاقوں کے دکانداروں تاجروں سید

فرید اللہ آغا، سید وقار شاہ، عبدالولی کاکوزئی، رحیم گل شمشوزئی و دیگر نے بتایا ہے کوئٹہ میں بجلی چلی جانے کا یہ کوئی پہلا واقعہ نہیں بلکہ جیسے ہی سردیوں کی آمد ہوتی ہے اور آسمان پر بادل کہیں سے نظر آنے لگتی ہے تو کیسکو حکام کا بہانہ بن جاتا ہے اور بارش کی بوند زمین آنے سے قبل بجلی بند کی جاتی ہے، اس کے علاوہ میٹروپولیٹن کارپوریشن حکام بھی کہیں پر نظر نہیں آتے، مین جناح روڈ سڑک پر گٹروں کا پانی بارش کا پانی گھنٹوں گھنٹوں کھڑا رہا میٹرو یا صفائی و جیکٹ کا عملہ دور دور تک نظر نہیں آئی اور شہری پانی سے بری طرح متاثر پانی تالاب کا منظر پیش کر رہی تھی سڑکیں پانی کی وجہ سے ناقابل سفر بن چکی ہے، پوچھنے پر دکانداروں نے مزید بتایا کہ گٹروں کا پانی بہنے سے علیحدہ ہمارے گاہک متاثر ہوئی رہی سہی کسر بجلی کی بریک ڈاؤن نے ہی پوری کر دی۔ انہوں نے وزیر اعلیٰ بلوچستان اور کیسکو سمیت متعلقہ حکام سے سنگین نوعیت کے اس اہم مسائل کا فوری نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے، بجلی کے چلی جانے کے متعلق کیسکو حکام نے بتایا ہے کہ فنی خرابی کی وجہ سے کوئٹہ شہر میں طویل بریک ڈاؤن رہی، جس کے باعث اکثر و بیشتر علاقوں میں بجلی بند رہی۔

آئی جی پولیس بلوچستان محمد طاہر میرزئی اڈہ میں پولیس اسٹیشن کا معائنہ کر رہے ہیں

این پی ترجمان علی احمد لانگو سے انیل غوری اور شہباز گل کی ملاقات

بلدیاتی انتخابات اور علی احمد لانگو کے وارڈ سے متعلق امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا

کوئٹہ (آن لائن) نیشنل پارٹی کے جنرل کونسلر کے امیدوار اور پارٹی کے مرکزی ترجمان علی احمد لانگو کے انتخابی آفس میں نیشنل پارٹی کے صوبائی سیکرٹری برائے انسانی حقوق انیل غوری اور شہباز گل نے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران مجموعی سیاسی صورتحال، بلدیاتی انتخابات اور علی احمد لانگو کے وارڈ سے متعلق امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر صوبائی سیکرٹری برائے انسانی حقوق انیل غوری نے علی احمد لانگو کو اپنی مکمل حمایت کا یقین دلاتے ہوئے کہا کہ وہ خود کرسچن کمیونٹی کے ووٹرز کے پاس جائیں گے اور علی احمد لانگو کی کامیابی کے لیے ہر ممکن کوشش کریں گے۔ انیل غوری نے کہا کہ نیشنل پارٹی اقلیتوں کے حقوق، جمہوری اقدار اور عوامی خدمت پر یقین رکھتی ہے اور علی احمد لانگو اس نظریے کے عملی ترجمان ہیں۔ انیل غوری نے اپنے خطاب میں کہا کہ علی احمد لانگو نے ہمیشہ اپنے علاقے کی ترقی، خوشحالی اور عوامی مسائل کے حل کے لیے بھرپور کردار ادا کیا ہے۔ انہوں نے عوام کے درمیان رہ کر بلاتفریق خدمت کی سیاست کو فروغ دیا، جس کی وجہ سے وہ عوام میں مقبول اور قابل اعتماد قیادت کے طور پر جانے جاتے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ نیشنل پارٹی عوامی خدمت اور اختیارات کی نچلی سطح تک منتقلی پر یقین رکھتی ہے، اور علی احمد لانگو جیسے باصلاحیت اور مخلص امیدوار ہی عوام کی حقیقی آواز بن سکتے ہیں۔ نیشنل پارٹی آنے والے بلدیاتی انتخابات میں کامیابی حاصل کر کے عوام کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کرے گی۔ آخر میں انیل غوری نے اس عزم کا اظہار کیا کہ نیشنل پارٹی تمام طبقات، بالخصوص اقلیتوں کو ساتھ لے کر ایک پرامن، ترقی یافتہ اور باوقار معاشرے کی تشکیل کے لیے جدوجہد جاری رکھے گی۔

عوام کا مسئلہ دہشت گردی نہیں کرپشن اور بدعنوانی ہے، لالہ یوسف خلجی

کرپشن اور بدعنوانی کو ختم کیے بغیر ملک ترقی و خوشحالی کی راہ پر گامزن نہیں

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان امن جرگہ کے سربراہ لالہ یوسف خلجی نے کہا ہے کہ پاکستان کے عوام کا مسئلہ دہشت گردی نہیں بلکہ کرپشن اور بدعنوانی ہے کرپشن اور بدعنوانی کو ختم کیے بغیر ملک ترقی و خوشحالی کی راہ پر گامزن نہیں ہو سکتا، تجبیر ... اور بدعنوان عناصر کرپشن کی ہوئی رقم سے دہشت گردوں کو بھی مبینہ طور پر بھتہ دیتے ہیں جس سے دہشت گردی پروان چڑھتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ کوہستان مالی اسکینڈل کے مرکزی ملزم نے نیب کو 14 ارب روپے کی پلی بارگین کی ...

ایم ایس بی ایم سی کا رات اڑھائی بجے ہسپتال کا اچانک دورہ

ڈاکٹر آصف انور شاہوانی نے مختلف وارڈز اور شعبہ ایمرجنسی کا معائنہ کیا

... بولان میڈیکل کمپلیکس اسپتال ڈاکٹر آصف انور شاہوانی نے اسپتال کا اچانک دورہ کیا۔ دورے کے دوران انہوں نے مختلف وارڈز، ایمرجنسی اور دیگر شعبہ جات کا معائنہ کیا اور مریضوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات کا جائزہ لیا ایم ایس ... ملاقات کی اور ان کے مسائل سنے۔ ڈاکٹر آصف انور شاہوانی نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ مریضوں کو بہتر طبی سہولیات کی فراہمی میں کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی اور اسپتال میں نظم و ضبط کو یقینی بنایا جائے۔

تعلیمی اداروں اور معاشرے کی اصلاح کے لیے کام کر رہے ہیں، حافظ حبیب الرحمن

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت طلبا اسلام ضلع کوئٹہ کے صدر حافظ حبیب الرحمن جنرل سیکرٹری حافظ عابد اللہ حنفی سیکرٹری اطلاعات حافظ اکرام اللہ سیکرٹری مالیات حافظ عبدالمنتقم کاکڑ محمد تصیر خان محمد نعیم حیدری عبدالقادر روحانی محمد امین بھنگر حافظ سعید ربانی نیک محمد ولی شکیل احمد حافظ طاہر شعیب مشوانی سلطان ایوبی مطیع اللہ فرہاد اپنے ایک مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ تنظیم علاقائی کی رہنمائی اور سرپرستی میں اپنا سفر جاری رکھے ہوئے ہے ہمارے نوجوان اپنی ذاتی اور اجتماعی زندگی انہی کی عطا کردہ علمی و اخلاقی روشنی میں سنوارتے ہیں اور علماء کرام کی تعلیمات ہی ہمارے لیے محفوظ راستہ دکھاتی ہیں جمعیت طلبا اسلام موجودہ دور کے چیلنجز میں نوجوانوں کے لیے بہترین رہنمائی ناگزیر ہے اور یہ رہنمائی صرف علما حق ہی فراہم کر سکتے ہیں اسی مقصد کے لئے جمعیت طلبا اسلام ملک کے تعلیمی اداروں اور معاشرتی میدانوں میں مثبت کردار ادا کر رہی ہے تنظیم کردار دینی بیداری اور سماجی خدمت کے شعبوں میں مسلسل جدوجہد کر رہی ہے۔

کوئٹہ میں مہنگائی کا جن بے قابو، پرائس کنٹرول کمیٹیاں غیر موثر ہو چکی ہیں

کوئٹہ مکمل طور پر لاوارث ضلع بن چکا ہے، ضلعی انتظامیہ خاموش تماشائی ہوئی ہے، رحیم کاکڑ

کوئٹہ (یو این اے) تحریک انصاف کے رہنما اور سابق میئر کوئٹہ رحیم کاکڑ عمر فاروق ایڈووکیٹ نے کوئٹہ شہر کی ابتر صورتحال پر شدید افسوس اور تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ کوئٹہ اس وقت مکمل طور پر لاوارث ضلع بن چکا ہے، جہاں عوام کو مہنگائی اور ذخیرہ اندوزی کے رحم و کرم پر چھوڑ دیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کوئٹہ میں مہنگائی اپنے عروج پر پہنچ چکی ہے جبکہ ضلعی پرائس کنٹرول کمیٹیاں صرف نوٹیفکیشن اور نمائشی کارروائیوں تک محدود ہو کر رہ گئی ہیں۔ ذخیرہ اندوزوں اور مہنگائی مافیا نے ضلع بھر میں کہرام مچا رکھا ہے اور اشیائے خورد و نوش اپنی مرضی کے نرخوں پر فروخت کی جا رہی ہیں۔ رحیم کاکڑ نے کہا کہ بکرے کا گوشت، گائے کا گوشت، مرغی، مچھلی، انڈے، آٹا، چینی، تیل اور دیگر روزمرہ استعمال کی اشیا عوام کی دسترس سے باہر ہو چکی ہیں۔ اس کے علاوہ ملاوٹ شدہ مصالحہ جات، دودھ اور دہی سرعام فروخت ہو رہے ہیں، جس سے عوام کی صحت بھی شدید خطرے میں ہے۔ انہوں نے الزام عائد کیا کہ ضلعی انتظامیہ صورتحال پر خاموش تماشائی بنی ہوئی ہے اور عوام کی بددعائیں سمیٹ رہی ہے، جبکہ پرائس کنٹرول کمیٹیاں عملی اقدامات کے بجائے محض ڈرامہ بازی میں مصروف ہیں۔ تحریک انصاف کے رہنما نے واضح کیا کہ تحریک انصاف ان تمام صورتحال اور انتظامی نااہلی کی سخت الفاظ میں مذمت کرتی ہے اور عوام کے ساتھ کھڑی جماعت ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ فوری طور پر ذخیرہ اندوزوں اور مہنگائی مافیا کے خلاف موثر کارروائی کی جائے، پرائس کنٹرول نظام کو فعال بنایا جائے اور عوام کو ریلیف فراہم کیا جائے، بصورت دیگر عوامی غم و غصہ مزید بڑھنے کا خدشہ ہے۔

عوام تیر پر ٹھپہ لگا کر پی پی امیدواروں کو کامیاب کرائیں، سربلند جوگیزئی

کوئٹہ میں جاری ترقی کے عمل کو جاری رکھنے کے لیے پی پی کی واضح کامیابی ناگزیر ہے

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما و میڈیا سیل کے سربراہ سردار سربلند جوگیزئی نے کہا ہے کہ پاکستان پیپلز پارٹی واحد سیاسی جماعت ہے جو ملک کو درپیش سیاسی، معاشی اور عوامی چیلنجز کو بخوبی سمجھتی ہے اور عملی حل پیش کرنے کی بے صلاحیت رکھتی ہے، عوام 28 دسمبر کو ہونے والے کوئٹہ کے بلدیاتی انتخابات میں پاکستان پیپلز پارٹی کے امیدواروں کے انتخابی نشان "تیر" پر ٹھپہ لگا کر انہیں بھاری اکثریت سے کامیاب بنائیں تاکہ کوئٹہ شہر میں جاری ترقی کے عمل کو جاری و ساری رکھا جا سکے۔ یہ بات انہوں نے اتوار کو پاکستان پیپلز پارٹی میڈیا سیل کے دفتر میں کوئٹہ کے بلدیاتی انتخابات میں حصہ لینے والے مختلف وارڈز کے امیدواروں سے ملاقات کے دوران بات چیت کرتے ہوئے کہی۔ سردار سربلند جوگیزئی نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کی مخلوط صوبائی حکومت وزیر اعلیٰ سرفراز بگٹی کی قیادت میں صوبے کے عوام کی بلا رنگ و نسل خدمت کر رہی ہے اور صوبے کے تمام علاقوں میں یکساں بنیادوں پر ترقیاتی فنڈز فراہم کیے گئے ہیں جس سے عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی میں مدد ملی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں ہونے والے عام انتخابات کے بعد بلدیاتی انتخابات میں بھی پیپلز پارٹی ایک بڑی سیاسی جماعت بن کر سامنے آئی اب انشاء اللہ 28 دسمبر کو ہونے والے کوئٹہ کے بلدیاتی انتخابات میں بھی پاکستان پیپلز پارٹی کے امیدوار بھاری اکثریت سے کامیابی حاصل کریں گے اور کوئٹہ کے ٹاؤنز چیئرمین اور میئر کوئٹہ بھی پاکستان پیپلز پارٹی کے جیالے ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ عوام 28 دسمبر کو کوئٹہ کے بلدیاتی انتخابات میں پاکستان پیپلز پارٹی کے امیدواروں کے انتخابی نشان "تیر" پر ٹھپہ لگا کر انہیں بھاری اکثریت سے کامیاب بنائیں تاکہ کوئٹہ میں ترقی کے عمل کے تسلسل کو جاری رکھا جا سکے انشاء اللہ پاکستان پیپلز پارٹی عوام کو مایوس نہیں کرے گی۔ انہوں نے کارکنوں پر بھی زور دیا کہ وہ بلدیاتی انتخابات میں کامیابی کیلئے پارٹی امیدواروں کی ڈور ٹو ڈور انتخابی مہم چلائیں۔

کوئٹہ، پیپلز پارٹی کے صوبائی رہنما نورالدین کاکڑ یونین کونسل 20 وارڈ نمبر 2 کے بلدیاتی انتخابات میں پارٹی امیدوار محمد داؤد خان کے الیکشن دفتر کا افتتاح کر رہے ہیں

شہید قائد بے نظیر بھٹو کی قربانیاں جمہوری تاریخ کا انمول سرمایہ ہیں، حیات اللہ کاکڑ

پوری زندگی آمریت، جبر اور ناانصافی کے خلاف جدوجہد میں گزار دی، ممبر صوبائی کونسل

کوئٹہ (پ ر) پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے صوبائی کونسل ممبر حیات اللہ خان کاکڑ نے محترمہ بے نظیر بھٹو شہید کی 18 ویں برسی (27 دسمبر 2025) ... کارکن اپنے دل میں زندہ رکھے ہوئے ہے۔ کونسل ممبر پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان حیات اللہ خان کاکڑ صوبائی نے اس بات پر زور دیا کہ محترمہ بے نظیر ...

شعیب نوشیروانی میر عاصم کرد گیلو حقیقی عوامی مسیحا ہیں، جہانگیر شاہ

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صوبائی رہنما سید جہانگیر شاہ نے کہا ہے کہ صوبائی وزیر میر شعیب نوشیروانی اور صوبائی وزیر ریونیو میر عاصم کرد گیلو عوام کی بلا رنگ و نسل خدمت کر رہے ہیں ... شعیب نوشیروانی ہونگے جلد ہی مسلم لیگ (ن) کے سینئر رہنماؤں اور کارکنوں کا ایک وفد سابق وزیراعظم میاں محمد نواز شریف سے ملاقات کر کے انہیں وزارت اعلیٰ کیلئے دوبارہ میر شعیب نوشیروانی کا نام دے گا اگر پارٹی نے کسی دوسرے رکن اسمبلی کو وزیر اعلیٰ نامزد کرنے کی کوشش کی تو وہ کارکنوں کو قابل قبول نہیں ہوگا۔

کوئٹہ، نیشنل پارٹی کے مرکزی ترجمان علی احمد لانگو کے انتخابی آفس میں صوبائی سیکرٹری انسانی حقوق انیل غوری اور پارٹی کے جنرل کونسلر کے امیدوار ملاقات کر رہے ہیں

ماما قدیر امن، صبر اور حوصلے کی علامت تھے، ثنا بلوچ

استقامت کے ساتھ پرامن مزاحمت تاریخ کا باب بن چکی ہے

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان نیشنل پارٹی کے سابق سینیٹر ثنا بلوچ نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر اپنے بیان میں کہا ہے کہ ماما قدیر بلوچ کے انتقال کی خبر نہایت رنج و غم کا باعث ہے۔ وہ امن، صبر اور حوصلے کی علامت تھے جنہوں نے دہائیوں تک لاپتہ افراد کی بازیابی اور جبری گمشدگیوں کے خاتمے کے لیے پرامن جدوجہد کی۔ ذاتی دکھ کو اجتماعی آواز میں بدل کر انہوں نے مظلوم خاندانوں کو حوصلہ دیا اور دنیا کے ضمیر کو جھنجھوڑا۔ ماما قدیر بلوچ کی پرامن مزاحمت، لانگ مارچ اور استقامت ہمیشہ یاد رکھی جائے گی۔ وہ انصاف اور انسانی وقار کی جدوجہد میں ثابت قدم رہے۔ ان کی جرات اور قربانی ایک روشن مثال ہے۔ اللہ تعالیٰ انہیں جوار رحمت میں جگہ دے اور ان کے مشن کو کامیابی عطا فرمائے۔ ان کے اہل خانہ اور تمام خاندان و ہمدردوں سے دلی تعزیت کرتے ہیں

درجہ چہارم کے ملازمین کو بھی اپیکا کی ممبر شپ دی جائے گی، رحمت اللہ زہری

کوئٹہ (آن لائن) آل پاکستان کلرکس ایسوسی ایشن ضلع کوئٹہ کے کابینہ کا اجلاس زیر صدارت ضلعی صدر رحمت اللہ زہری منعقد ہوا۔ اجلاس میں جنرل سیکرٹری محمد اللہ کھچی و دیگر ضلعی عہدیداروں محمد ندیم ترین پرویز اقبال شنگرئی ارباب عبدالخالق کاسی حاجی محمد عمران سارنگزئی ہیبت خان ناصر غلام سرور مینگل حبیب مینگل غلام نبی محمد حسنی فیاض احمد بھٹو حافظ امان اللہ زہری عزت اللہ کاکڑ احمد جان کرد علی اکبر دیوار اور عبدالحق ریئسانی نے شرکت کی اجلاس میں مختلف تنظیمی امور پر سیر حاصل بحث کیا گیا تنظیم کو مزید مضبوط بنانے اور کارکنوں کے حقوق و عزت نفس کے تحفظ کیلئے اہم فیصلے کیے گئے۔

یونین کونسل 44 وارڈ نمبر 2 میں بلدیاتی انتخابات کی مہم عروج پر پہنچ گئیں

مولوی داؤد نے آزاد امیدوار مولوی نواب خان درانی کی حمایت کا اعلان کر دیا

کوئٹہ (ایریا رپورٹر) حلقہ پی بی یونین کونسل 44 وارڈ نمبر 2 میں بلدیاتی انتخابات کیلئے سیاسی سرگرمیاں عروج پر، مضبوط امیدواروں کے کیلئے مضبوط امیدواروں کے ا ٹک جیک کا سلسلہ اپنے عروج پر پہنچ گیا، جمعیت علماء اسلام مفتی محمود یونٹ کے سابق جنرل سیکرٹری مولوی داؤد ساتھیوں سمیت آزاد امیدوار مولوی نواب خان درانی کی حمایت کا اعلان کرتے ہوئے اس اعظم کا اظہار کیا ہے کہ یو سی 44 وارڈ نمبر 2 میں بلدیاتی انتخابات میں مولوی نواب خان درانی کیساتھ شانہ بشانہ نہ صرف کھڑے ہونگے بلکہ مولوی نواب خان کیساتھ بلدیاتی انتخابات میں بھرپور سیاسی ورک کرینگے۔ انہوں نے بتایا کہ اس وقت مولوی نواب خان یو سی 44 وارڈ نمبر 2 کے سب سے مضبوط ترین اور پاپولر لیڈر ہے اگرچہ وہ آزاد حیثیت سے الیکشن لڑتے ہیں مگر ان کے ساتھ عوامی قوت ہے، اور میری امید ہے کہ وہ اس حلقہ میں باقاعدہ کلین سویپ کرے گی، اور میری عوام سے اپیل ہے کہ مولوی نواب خان کے انتخابی نشان کیتلی پر مہر لگا کر کامیاب کرائے۔ تاکہ غریب اور مسائل زدہ علاقے کے مسائل کا مولوی نواب خان فوری حل نکالا جائے۔

حاجی حسن اکا انتقال کر گئے

کوئٹہ (آن لائن) حاجی حسن اکا انتقال کر گئے وہ پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے صوبائی ڈپٹی سیکرٹری عبداللہ توخی اور حاجی عبداللہ جان توخی کے چچا تھے مرحوم کو آج شام تختانی بائی پاس کیو ڈی اے قبرستان میں سپرد خاک کیا گیا مرحوم کی نماز جنازہ میں پارٹی کے ضلع کمیٹی ممبران عبدالخالق الفت عبدالواحد کاکڑ جہانگیر خان کاکڑ اور بڑی تعداد میں پارٹی کارکنان علماء کرام اور قبائلی عمائدین نے شرکت کی دریں اثنا مرحوم کی وفات پر پارٹی کے مرکزی سینئر سیکرٹری سید عبدالقادر آغا ایڈووکیٹ صوبائی صدر نصر اللہ خان زیرے صوبائی سیکرٹری نصیر خوشحال کاسی صوبائی ڈپٹی سیکرٹریز عبدالرزاق بڑیچ، محمد اللہ بڑیچ ضلع ڈپٹی سیکرٹری اکبر گلیوال امین اللہ کاکڑ، عبدالعلی اچکزئی کلی کاکڑ کالونی علاقائی سیکرٹری حاجی نور گل کاکڑ نے تعزیت کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنے جوار رحمت میں جگہ عطا فرمائیں اور لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائیں مرحوم کی فاتحہ خوانی آج بروز اتوار سے کلی کاکڑ کالونی ملا خیل اسٹریٹ حاجی عبداللہ جان توخی کے رہائش گاہ پر جاری ہے۔

چین میں پاکستان کی ہائیر ایجوکیشن کے سینئر پروگرام میں گوادر یونیورسٹی کے ساتھ ساتھ ... یونیورسٹیوں کے وائس چانسلرز اور ڈائریکٹرز کا گروپ فوٹو

زرنج رکشوں پر پابندی بے روزگاری میں اضافے کا سبب بنے گی، عوامی ورکرز پارٹی

ضلعی انتظامیہ پابندی کا فیصلہ واپس لے کر ہزاروں گھروں کے چولہے بجھنے سے بچائے

ضبط کیے جانے والے رکشے فوری طور مالکان کو واپس کیے جائیں بصورت دیگر احتجاج کریں گے

کوئٹہ (پ ر) عوامی ورکرز پارٹی نے ضلعی انتظامیہ کی جانب سے زرنج لوڈنگ رکشہ پر پابندی کے فیصلے کو بے روزگاری کو بڑھانے کا سبب قرار دے دیا زرنج رکشوں سے وابستہ دس ہزاروں لوگ براہ راست متاثر ہو رہے ہیں اے ڈبلیو پی بلوچستان کے دفتر سے جاری ہونے والے ایک پریس ریلیز میں صوبائی حکومت او ضلعی انتظامیہ سے مطالبہ کیا گیا ہے کہ ضبط کیے جانے والے رکشے فوری طور مالکان کو واپس کیے جائیں اور زرنج رکشوں پر پابندی ختم کر کے دس ہزار سے زائد خاندانوں کو بیروزگار ہونے سے بچایا جائے عوامی ورکرز پارٹی بلوچستان نے اس حوالے سے مرکزی انجمن تاجران کے رہنماؤں کی پریس کانفرنس کی مکمل حمایت کرتے ہوئے ان کے ساتھ یکجہتی کا اظہار اور کہا کہ انجمن تاجران اپنے مطالبے کے حق میں جو بھی احتجاجی پروگرام مرتب کریگی عوامی ورکرز پارٹی اس کے ساتھ بھرپور تعاون کریگی پارٹی کے بیان میں کہا گیا کہ صوبے میں پہلے ہی تجارتی سرگرمیوں کی کمی ہے اور بے روزگاروں کے تعداد میں روز بروز اضافہ ہو رہا ہے زرنج رکشوں اور دیگر چھوٹے کاروبار سے عام لوگوں کے لیئے روزگار کے مواقع پیدا ہوتے ہیں حکومت کی ذمہ داری ہے کہ وہ عام لوگوں کے لیئے روزگار کے لیئے نئے مواقع پیدا کرے نہ کہ لوگوں کو بے روزگار کرے

ہلکی بوندا باری سے صوبائی دارالحکومت میں اندھیرا چھا گیا، عبدالستار چشتی

کیسکو حکام نے بجلی بریک ڈاؤن کر کے عوام کو جرائم پیشہ عناصر کے حوالے کر دیا

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان کے مرکزی ترجمان سید عبدالستار شاہ چشتی نے کہا کہ معمولی بارش کے چند قطرے گرتے ہی کوئٹہ شہر اس پاس کے تمام علاقوں میں بجلی غائب 15 گھنٹے بعد شہر و دیگر چند علاقوں میں بجلی بحال جبکہ دیگر بہت سے علاقوں میں چوبیس گھنٹے بندش سے مساجد میں نمازیوں شہر کے تجارتی علاقوں دکانداروں گھروں میں عوام شہریوں کو پانی کی قلت شدید پریشانی میں جبکہ دشواریوں سے دوچار ہے رات گئے تک کئی گھنٹے گزر جانے کے باوجود شہر کے تجارتی مراکز سمیت تمام علاقے تاریکی میں ڈوبے ہیں دوسری جانب شہر بھر میں نالیاں ابل پڑے نالیوں کے ناپاک پانی بہنے سے عوام کے کپڑے ناپاک ہو رہے ہیں اور سڑکوں کی ناقص تعمیر اور ناقص میٹریل کی استعمال حکومتی دعوؤں کا پول کھول دیا ناقص سیوریج نظام کی باعث نالوں کا پانی سڑکوں پر ابل پڑا، شہری سڑکیں تالاب کا منظر پیش کرنے لگتے ہیں سیوریج نظام پر کروڑوں روپے ضائع ہونے کی باوجود گندے پانی سڑکوں پر بہہ رہی ہیں سیوریج لائن کی صفائی کا کوئی انتظام نہیں شہر گندگی کا ڈھیر اور گلیوں و بازاروں میں سیوریج کا پانی جوہڑ کی شکل میں کھڑا ہوا ہے شہر کا ہر سال اچھے بنے سڑکوں کو اکھاڑ کر کے دوبارہ تعمیراتی کام شروع کرتے اربوں کے خزانہ کو ضائع کیا جا رہا ہے کوئلہ پھاٹک پر قائم چورنگی جس پر گزشتہ سال بڑی فنڈز کو خرچ کیا گیا ہے اب گزشتہ روز اسے اکھاڑ دیا گیا ہے۔

مولانا ہدایت الرحمان آج ہنو قابل خواتین کیمپس کا افتتاح کریں گے

کوئٹہ (آن لائن) مولانا ہدایت الرحمان آج نسا کالج زرغون روڈ پر ہنو قابل خواتین کیمپس کا افتتاح کریں گے۔ امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمان بلوچ، نائب امیر صوبہ وصدر الحمد یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر شکیل روشن، امیر ضلع کوئٹہ عبدالنعیم رند، ڈائریکٹر ہنو قابل طیب فرید کے ہمراہ زرغون روڈ پر نسا کیمپس میں آج دن ڈھائی بجے ہنو قابل خواتین کیمپس کا افتتاح کریں گے۔

ڈائریکٹر آثار قدیمہ جمیل بلوچ آج ریئسانی ٹاؤن مسجد عمر فاروق میں بھائی کی فاتحہ لیں گے

کوئٹہ (پ ر) محکمہ آثار قدیمہ و میوزیم کے ڈائریکٹر جمیل بلوچ کل 22 دسمبر بروز سوموار صبح 10 بجے سے شام 4 بجے تک اپنے بڑے بھائی کی فاتحہ لینگے۔ پتہ ریئسانی ٹاؤن مسجد عمر فاروق نزد سردار بہادر خان ویمن یونیورسٹی بروری روڈ کوئٹہ۔

پشتونخوامیپ کا حاجی بازگل کی وفات پر اظہار تعزیت

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوامیپ کے صوبائی صدر عبدالقہار خان ودان، سید شراف آغا، مجید خان اچکزئی، کبیر افغان، جمال خان مندوخیل نے پارٹی ضلع ژوب تحصیل صدر جمعہ خان سارنگزئی، عبدالوہاب کے بھائی، شاہ ولی کے چچا، بشر گل کے بڑے بھائی حاجی بازگل کی وفات پر گہرے رنج و غم کا اظہار کرتے ہوئے مرحوم کی مغفرت اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمانے کی دعا کی ہے۔

رحمت صالح بلوچ کا وزیراعلیٰ کے کزن محمد شریف مسوری بگٹی کے انتقال پر اظہار تعزیت

کوئٹہ (آن لائن) نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما اور رکن صوبائی اسمبلی میر رحمت صالح بلوچ نے اپنے تعزیتی بیان میں وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی کے کزن، چیف آف بگٹی محمد شریف مسوری بگٹی کے انتقال پر گہرے رنج و غم کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے مرحوم کے لواحقین خصوصاً وزیر اعلیٰ بلوچستان سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں وہ سوگوار خاندان کے ساتھ کھڑے ہیں۔ میر رحمت صالح بلوچ نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جوار رحمت میں جگہ عطا فرمائے اور پسماندگان کو صبر جمیل دے۔

سردار حاجی محمد علی موسیٰ خیل وفات پا گئے

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوامیپ کے صوبائی ...

بلدیاتی انتخابات سے مسائل نچلی سطح پر حل کرنے میں مدد ملے گی، ربانی خان کاکڑ

پی پی کوئٹہ کے بلدیاتی انتخابات میں بھرپور حصہ لیکر کامیابی حاصل کریگی، لیاقت لہڑی

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے رہنماؤں نے کہا ہے کہ کوئٹہ میں بلدیاتی انتخابات کے انعقاد سے عوام کے مسائل نچلی سطح پر حل کرنے میں مدد ملے گی، پاکستان پیپلز پارٹی کوئٹہ کے بلدیاتی انتخابات میں بھرپور حصہ لیکر کامیابی حاصل کریگی پارٹی جیالے بلدیاتی انتخابات میں امیدواروں کی کامیابی کیلئے ڈور ٹو ڈور کمپین چلائیں۔ یہ بات پارلیمانی سیکرٹری برائے ٹرانسپورٹ و پیپلز پارٹی زرغون ٹاؤن کمیٹی سربراہ میر لیاقت لہڑی، پیپلز پارٹی بلوچستان کے جنرل سیکرٹری ربانی خان کاکڑ، مرکزی رہنما سابق سینیٹر لالا روزی خان کاکڑ، مرکزی رہنما حاجی نصیب اللہ اچکزئی، ملک ذیشان حسین، ڈاکٹر عبید کاکڑ، وارث محمود اچکزئی، انجینئر احسان کیتی، الطاف گجر، ملک نوید خرسانی، ملک حمید کاکڑ، غلام محی الدین رند، ربانی خان کاکڑ نے زرغون ٹاؤن حلقہ پی بی 41، پی بی 42 اور پی بی 43 کے پارٹی کے امیدواروں کو ٹکٹ جاری کرنے کے موقع پر منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ اس موقع پر میر لیاقت لہڑی، ربانی خان کاکڑ روزی خان کاکڑ نے کوئٹہ کے مختلف یو سی اور وارڈز کے بلدیاتی انتخابات میں حصہ لینے والے پارٹی امیدواروں میں پارٹی ٹکٹ تقسیم کئے۔ مقررین نے کہا کہ جمہوریت میں بلدیاتی انتخابات ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں کوئٹہ میں بلدیاتی انتخابات کے انعقاد سے عوام کے چھوٹے چھوٹے مسائل انکی دہلیز پر حل کرنے میں کافی حد تک مدد ملے گی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی کے امیدوار کوئٹہ کے بلدیاتی انتخابات کے تمام یو سی، وارڈز میں حصہ لے رہے ہیں انشاء اللہ پاکستان پیپلز پارٹی بلدیاتی انتخابات میں بھرپور کامیابی حاصل کریگی اور کوئٹہ کے ٹاؤنز چیئرمین اور کوئٹہ کا میئر بھی پاکستان پیپلز پارٹی کا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما اور کارکن بلدیاتی انتخابات میں پارٹی امیدواروں کی کامیابی کیلئے ڈور ٹو ڈور انتخابی مہم چلائیں اور عوام سے قریبی رابطہ رکھیں۔

عوامی مسائل حل کرنا حکومت کی ذمہ داری ہے، زرک خان مندوخیل

درپیش مسائل کے حل کیلئے تمام وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں رکن اسمبلی

کوئٹہ (آن لائن) ...

سارفین کو گیس کی بلاتعطل فراہمی یقینی بنائی جائے، حاجی نصیر لہڑی

کوئٹہ (اے پی پی) ایس ایس جی سی بلوچستان کے جی ایم راحیل ملک صاحب اور چیف انجینئر عمران صاحب کی خصوصی ہدایات پر سنگی زون کے انچارج حاجی نصیر لہڑی اپنی ٹیم کے ہمراہ مستونگ زونل آفس ایس ایس جی سی پہنچے جہاں پر زونل منیجر شیر احمد بلوچ نے ان کے استقبال کیا۔ ٹیم میں عبداللہ درانی اور میٹر انسپکٹر آغا ریاض الدین بھی شامل تھے۔ اس موقع پر نیجر مستونگ نے وفد کو اور بالخصوص گیس پریشر میں کمی اور دیگر عوامی مسائل سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی۔ حاجی نصیر لہڑی نے تمام معاملات غور سے سنے اور کہا کہ وہ کوئٹہ پہنچ کر چیف انجینئر عمران صاحب کو صورتحال سے مکمل طور پر آگاہ کریں گے۔ انہوں نے یقین دہانی کرائی کہ مستونگ کے عوام کے مسائل حل کرنا ترجیحات میں شامل ہے، خاص طور پر گیس پریشر کی کمی اور اوور بلنگ کے مسئلے کے فوری حل کے لیے اقدامات کیے جائیں گے۔ حاجی نصیر لہڑی نے کہا کہ صارفین کو درپیش مشکلات کم کرنے اور بہتر سروس فراہم کرنے کے لیے ہر ممکن کوشش کی گئی ہے۔ جس میں گیس کی لوڈشیڈنگ میں کمی کر کے رات 12 تک کر دی گئی ہے۔

مولانا ہدایت الرحمان کی عبدالولی شاکر کے چچا کے انتقال پر تعزیت و فاتحہ خوانی

... شاکر کے گھر جا کر تعزیت وفاتحہ خوانی کی۔ امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نائب امیر صوبہ زاہد اختر بلوچ، ڈاکٹر عطاء اللہ، طیب فرید، محمد افضل کاکڑ و دیگر نے جماعت اسلامی بلوچستان کے میڈیا انچارج عبدالولی خان شاکر کے گھر جا کر ان کے چچا عبدالکریم کاکڑ مسے زئی کے انتقال پر فاتحہ خوانی و تعزیت کرتے ہوئے مرحوم کی مغفرت و درجات کی بلندی اور پسماندگان کیلئے صبر جمیل کی دعا کی۔

مہنگائی کے ستائے عوام کے لیے کوئٹہ کے اتوار بازار بڑا سہارا

جوائنٹ روڈ اور افغانی روڈ پر اتوار بازار مہنگائی کے دور میں شہریوں کو سستے داموں بنیادی اشیاء کی خریداری کی سہولت فراہم کر رہے ہیں

خواتین بچوں اور بزرگوں سمیت بڑی تعداد ہر اتوار بازار کا رخ کرتی ہے محدود آمدنی میں ضروری سامان با آسانی دستیاب ہو جاتا ہے

اتوار بازار میں کپڑے جوتے کھلونے بیگز الیکٹرانکس اور موٹر سائیکل اسپیئر پارٹس سمیت روزمرہ استعمال کی متعدد اشیاء دستیاب ہوتی ہیں

مہنگائی اور بے روزگاری کے باعث سنڈے بازار دکانداروں اور ریڑھی بانوں کے لیے باعزت روزگار اور آمدنی کا اہم ذریعہ بن چکے ہیں

کوئٹہ (جنرل رپورٹر) مہنگائی کے اس کڑے دور میں جہاں عام شہری دو وقت کی روٹی اور بنیادی ضروریات پوری کرنے کے لیے پریشان دکھائی دیتے ہیں، وہی صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کے ... اشیاء کی وسیع رینج موجود ہوتی ہے۔ اس کے علاوہ موٹر سائیکلوں کے اسپیئر پارٹس، موبائل فون ایکسیسریز، الیکٹرانکس کا سامان اور روزمرہ استعمال کی چھوٹی بڑی اشیاء بھی مناسب داموں ... لیے روزگار کا اہم ذریعہ ہے۔ مہنگائی اور بے روزگاری کے باعث جہاں کاروبار کے مواقع محدود ہو گئے ہیں، وہیں سنڈے بازار جیسے عارضی بازار سینکڑوں خاندانوں کا چولہا جلانے کا ذریعہ ...

مہنگائی کے ستائے عوام کو اشیا خورد و نوش کی قیمتوں میں ریلیف دیا جائے، شہری

کوئٹہ (ایریا رپورٹر) مہنگائی کے ستائے ہوئے عوام کو ریلیف نہیں مل سکا، پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی کے باوجود آئے روز پیٹرولیم مصنوعات پر ٹیکسز اور قیمتیں بڑھ رہی ہے، قیمتیں بڑھنے کی وجہ سے غریب تو کیا سفید پوش طبقہ کو اپنے گھر کفالت کرنا مشکل ہو گیا ہے، پی ڈی ایم میں شامل جماعتوں کا ٹاسک غریب عوام کو ریلیف تھی لیکن اب پی ٹی آئی حکومت سے کئی گناہ زیادہ مہنگائی برپا ہوتی ہے، انہوں نے بتایا تھا کہ عوام کو ہر محاذ پر ریلیف فراہم کی جائے گی لیکن دن گزرتے ہی اگلے دن غریبوں کا جینا موجودہ حکومت میں محال ہو رہا ہے، نہ آٹا سستا ہوا نہ پیٹرول اور نہ ہی اشیاء خورد و نوش سستی ہوئی، مہنگائی کے باعث عوام کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے، ایک جانب سرکار کہتی ہے کہ ہمارے پاس نوجوانوں کو روزگار دینے کیلئے خالی آسامیاں نہیں، جبکہ ہزاروں خالی آسامیوں کو پر نہیں کی جاتی ہے تو دوسری جانب آئے روز مہنگائی کے بم گرائے جا رہے ہیں، نہ صرف پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں زیادہ ہوتی ہے بلکہ آٹے کی قیمتیں بھی آسمانوں کو چھونے لگی ہے، مشرق بیورو ٹیم سے بات چیت کرتے ہوئے عطاء اللہ کاکڑ، منظر جان، عبید اللہ، مولوی خدائے نظر مولوی شراف الدین، حاجی دین محمد، حاجی محمد، حاجی فیض اللہ اخوندزادہ و دیگر نے بتایا ہے کہ ضرورت اس امر کی ہے کہ حکومت عوام کو سب سے پہلے روزگار دیا جائے اس کے بعد پیٹرولیم مصنوعات پر عائد بھاری ٹیکسز کا خاتمہ کرتے ہوئے پیٹرول کی قیمت فی لیٹر 60 سے 65 روپے ہونا چاہیے۔

ماما قدیر مسنگ پرسنز کا مقدمہ مرتے دم تک لڑتے رہے، اے کیو ایم

کوئٹہ (پ ر) ماما قدیر بلوچ نے بلوچ مسنگ پرسنز کا مقدمہ مرتے دم تک جواں مردی سے لڑا۔ مرحوم نسل نو کے لیے کیلئے قومی جدوجہد کا درخشاں ستارہ تھے۔ اے کیو ایم انکی انتقال پر مرحوم کو زبردست خراج عقیدت پیش کرتی ہے۔ اے کیو ایم کے تعزیتی ریفرنس میں بلوچ قومی مبارز ماما قدیر کے انتقال پر مرحوم کو زبردست خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے انکی بے لوث خدمات کو نسل کیلئے رول ماڈل اور انسانی حقوق کے لیے متحرک اور جہد مسلسل شخصیت قرار دیتے ہوئے انتہائی افسوس اور دکھ کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ ماما قدیر بلوچ لاپتہ افراد کے مسئلے پر ایک توانا آواز تھے مسنگ پرسنز کا مقدمہ انسانی حقوق کے عالمبرداروں تنظیموں تک پہنچانے کیلئے مرحوم نے کوئٹہ سے اسلام آباد تک پیدل لانگ مارچ کی قیادت کی، جس کا مقصد جبری طور پر لاپتہ افراد کے لواحقین کی آواز ایوان اقتدار تک بھی پہنچانا تھا۔ اس کے علاوہ وہ دنیا کے طویل ترین احتجاجی کیمپوں میں شمار ہونے والے وائس فار بلوچ مسنگ پرسنز کے کیمپ کی طویل عرصے تک قیادت کرتے رہے اس لئے اے کیو ایم ماما قدیر کی انتقال پر گہرے دکھ و غم کا اظہار کرتی ہے۔

کوئٹہ، بلوچستان فٹبال ایسوسی ایشن کے صدر جمیل احمد، سربراہ امین اللہ کاکڑ، شکیل احمد زہری و دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

Daily MASHRIQ QUETTA & Hub
روزنامہ مشرق کوئٹہ

خضدار: بشیات فروشی سے چرس اور شیشہ برآمد، ملزم گرفتار

خضدار (بیورو رپورٹ) ایس ایچ او گریشہ کی شیات کے خلاف کامیاب کارروائی، شیات کے مطابق ڈی آئی جی فلائنگ اسکواڈ ریج ذوالفقار ہنرانی اور ایس ایس پی خضدار انجینئر اورعباس بلوچ کی سخت انتظامات کی روشنی میں ڈی ایس پی ناظم سرکل محمد نذیر بلوچ کی نگرانی میں ایس ایچ او گریشہ اسماعیل بلوچ اور اے ایس آئی اللہ رمضان، سعید احمد کے ہمراہ ایک کامیاب کارروائی کرتے ہوئے دوران سپیشل پٹرولنگ شیات فروش فیض محمد کو گرفتار کرکے ملزم سے بھاری مقدار میں شیات، چرس اور شیشہ برآمد کرکے ملزم کے خلاف مقدمہ درج کرکے تفتیش شروع کردی۔

امیر جماعت اسلامی حافظ محمد الرحمٰن بلدیاتی الیکشن کے خلاف ریلیت بائی پس جلسے سے خطاب کررہے ہیں

کرسمس کے موقع پر اسلام آباد پولیس کے موثر سیکورٹی انتظامات

زونل ایس پیز نے شہر کے مختلف گرجا گھروں اور ڈیوٹی پر آفیسز کا دورہ کیا

شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کیلئے چیکنگ کو مزید موثر بنایا جائے، ہدایت

اسلام آباد (زاہد الحق خان) اسلام آباد پولیس کا وفاقی دارالحکومت میں مؤثر سیکورٹی انتظامات، ٹریفک ایس پیز کے شہر کے مختلف گرجا گھروں اور ڈیوٹی پر آفیسز کا دورہ، ایڈیشنل پولیس انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کی خصوصی ہدایات کی روشنی میں اسلام آباد پولیس نے وفاقی دارالحکومت میں امن و امان کی صورتحال کو یقینی بنانے کیلئے ہدایات جاری کی ہیں، اسی سلسلے میں ڈپٹی ایس پیز ٹریفک ڈویژن اور ایس ایچ اوز نے مختلف گرجا گھروں اور دیگر مقامات پر موجود پولیس افسران و اہلکاروں سے ملاقات کی۔ ٹریفک ایس پیز نے مختلف گرجا گھروں کے باہر سیکیورٹی کے انتظامات کا جائزہ لیا، اس سلسلے میں ڈیوٹی پر مامور پولیس اہلکاروں سے ملاقات کی اور موقع پر موجود پولیس افسران و اہلکاروں سے بھی ملاقات کی۔ ٹریفک ایس پیز نے مختلف گرجا گھروں کے باہر ٹریفک کنٹرول کے لئے پیدل گشت کرنے والے پولیس اہلکاروں سے بھی ملاقات کی اور انہیں ہدایات جاری کیں۔ ٹریفک ایس پیز نے ڈیوٹی پر مامور پولیس اہلکاروں کو ہدایات جاری کیں کہ وہ ٹریفک کے بہاؤ کو یقینی بنائیں، ٹریفک کے قوانین کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف بلا تفریق کارروائی کری

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

مشرق

ایگزیکٹو ایڈیٹر:۔ پرنٹرو پبلشر سید کامران ممتاز نے ایم ای ایم (پرائیویٹ) لمیٹڈ کیلئے مشرق پریس سے چھپوا کر A-4 ماڈل ٹاؤن ہالی روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔ چیف ایڈیٹر سید ممتاز احمد

ٹیلی فون نمبر:۔2821626-2821538-2829164 فیکس نمبرز:۔2835934-2830228

ای میل mashriqqta2008@gmail.com

پیر 22 دسمبر 2025ء

کوئٹہ کے شہری مسائل کا المیہ۔۔۔ بارانِ رحمت زحمت کیوں؟

صوبائی دارالحکومت کوئٹہ سمیت اندرونِ بلوچستان متعدد اضلاع میں موسم سرما کی پہلی بارش نے بلاشبہ عوام کے دلوں میں خوشی کی لہر دوڑا دی۔ ایک طویل عرصے کے بعد آسمان سے برسنے والے یہ قطرے جہاں خشک سالی سے جھلسے چہروں پر مسکراہٹیں لے کر آئے، وہیں زیر زمین پانی، باغات اور فصلوں کے لئے بھی امید کی نئی کرن بنے۔ بالخصوص کوئٹہ شہر میں تو کافی عرصے سے بارش نہ ہونے کے باعث گرد و غبار، خشک موسم اور آلودہ فضا نے شہریوں کی زندگی اجیرن بنا رکھی تھی۔ پورا سال خشک سالی کا سا ماحول رہا، جس کے نتیجے میں نزلہ، زکام، کھانسی، گلے کے انفیکشن اور موسمی بیماریوں میں خطرناک حد تک اضافہ دیکھنے میں آیا۔ ایسے میں عوام کی یہ امید بجا تھی کہ پہلی بارش کے بعد نہ صرف موسم خوشگوار ہوگا بلکہ ان بیماریوں کا زور بھی ٹوٹے گا۔ تاہم افسوس کہ کوئٹہ کے باسیوں کے لئے یہ بارانِ رحمت ایک بار پھر حسب روایت زحمت کا بھی باعث بنی کیونکہ جیسے ہی بارش کا پہلا قطرہ زمین پر گرا، پورا شہر اندھیروں میں ڈوب گیا۔ بجلی کا نظام یوں بیٹھا کہ گویا پہلے سے ہی کسی بہانے کی تلاش میں تھا۔ شہر بھر میں بجلی ٹرپ کر گئی اور شہری شدید پریشانی کا شکار ہو گئے۔ رات گئے وی آئی پی فیڈرز پر تو بجلی بحال کر دی گئی مگر شہر کے اکثریتی اور گنجان آباد علاقوں میں لوگ اندھیرے، سردی اور بارش میں تڑپتے رہے۔ ابھی جب یہ سطور زیر قلم آ رہی ہیں، اس وقت بھی کوئٹہ شہر کے متعدد علاقے بجلی سے محروم ہیں علاوہ ازیں بارش کے ساتھ ہی گیس پریشر کا مسئلہ بھی پوری شدت سے سامنے آیا۔ سرد موسم میں گیس کی قلت پہلے ہی شہریوں کے لئے مستقل اذیت بن چکی ہے، مگر بارش کے دوران گیس کا مکمل یا جزوی غائب ہو جانا اس بات کا ثبوت ہے کہ متعلقہ اداروں نے نہ تو کسی ہنگامی صورتحال کے لئے منصوبہ بندی کی ہے اور نہ ہی شہریوں کو بنیادی سہولیات فراہم کرنا اپنی ترجیحات میں شامل رکھا ہے۔ اگر کوئٹہ شہر کے سب سے بڑے اور دیرینہ مسئلے، یعنی سیوریج کے ناقص نظام کی بات کی جائے تو چند گھنٹوں کی بارش نے انتظامی دعوؤں کی قلعی کھول کر رکھ دی۔ شہر بھر میں یا تو سڑکیں ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہیں یا پھر ان کی تعمیر و توسیع کا کام مسلسل جاری ہے۔ کہیں کھدائیاں ہیں تو کہیں ادھورے منصوبے، جن کے باعث شہری پہلے ہی شدید مشکلات کا شکار ہیں۔ ایسے میں چند گھنٹوں کی بارش نے جلتی پر تیل کا کام کیا اور صورتحال اس نہج پر پہنچ گئی کہ کئی علاقوں میں دن بھر سے لے کر رات گئے تک ٹریفک جام رہا۔ نالیاں ابلتی رہیں، گٹر اور نالیوں کا گندا پانی بارش کے صاف پانی کے ساتھ مل کر سڑکوں پر بہتا رہا۔ پیدل چلنا تو در کنار، گاڑیوں کا گزرنا بھی محال ہو گیا۔ شہری گھنٹوں ٹریفک میں پھنسے رہے، بچے، بزرگ اور خواتین شدید ذہنی اذیت سے دوچار رہے، مگر کسی ذمہ دار ادارے نے بروقت اقدامات کرنے کی زحمت گوارا نہیں کی۔ یہ امر بھی نہایت افسوسناک ہے کہ کچھ عرصہ قبل کوئٹہ شہر میں صفائی کا نظام ایک نجی کمپنی کے سپرد کیا گیا تھا۔ اس فیصلے کے وقت بڑے بڑے دعوے کئے گئے کہ شہر کی صفائی کا معیار بہتر ہوگا، کوئٹہ ایک ماڈرن اور خوبصورت شہر بنے گا اور شہریوں کو گندگی، کوڑے اور بدبو سے نجات ملے گی۔ مگر آج یہ بات ثابت ہو رہی ہے کہ صفا کوئٹہ پراجیکٹ شہر کی خوبصورتی بڑھانے کے بجائے شہریوں کے لئے کرب و اذیت کا باعث بنتا جا رہا ہے۔ بارش نے ثابت کر دیا کہ صفائی کے دعوے صرف کاغذی تھے۔ شہر کے مختلف علاقوں میں کچرا نالیوں میں پھنسا رہا، جس کے باعث پانی کی نکاسی ممکن نہ ہو سکی۔ کئی مقامات پر سیوریج کا پانی سڑکوں پر کھڑا رہا، جو نہ صرف بدبو اور تعفن کا سبب بنا بلکہ مختلف بیماریوں کے پھیلنے کا خدشہ بھی بڑھا گیا۔ یہاں یہ بات بھی قابل ذکر ہے کہ بارش کے چوبیس گھنٹے بعد، یعنی اتوار کی شام تک، شہر کے مختلف علاقوں میں بارش کا پانی بدستور کھڑا رہا۔ کئی علاقوں میں راہ چلنا دشوار ہو چکا تھا۔ حیرت انگیز طور پر شہر کے سب سے مرکزی اور نسبتاً صاف تصور کئے جانے والے علاقے ایم اے جناح روڈ پر بھی صورتحال مختلف نہ تھی۔ ریگل چوک اور اس کے اطراف میں پانی کھڑا رہا، سڑکیں ابلتی رہیں اور ٹریفک بری طرح متاثر ہوئی۔ اسی طرح گوالمنڈی چوک، جو شہر کا ایک اہم تجارتی مرکز ہے، وہاں بھی چوبیس گھنٹے گزرنے کے باوجود حالات معمول پر نہ آ سکے۔ دکانداروں، خریداروں اور راہگیروں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑا، مگر بلدیہ عظمیٰ کوئٹہ اور صفا کوئٹہ پراجیکٹ کی جانب سے کوئی موثر اور فوری اقدام دیکھنے میں نہیں آیا۔ یقیناً وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی یہ خواہش قابل ستائش ہے کہ صوبے میں ترقیاتی منصوبے ہوں اور عوام کو بہتر سہولیات فراہم کی جائیں۔ وزیراعلیٰ کی جانب سے مختلف منصوبوں کے اعلانات اور اجلاسوں میں دی جانے والی ہدایات اس بات کا ثبوت ہیں کہ وہ مسائل سے باخبر ہیں۔ تاہم اصل مسئلہ یہ ہے کہ زمینی سطح پر وزیراعلیٰ صاحب کے احکامات پر کوئی محکمہ یا افسر عمل ہی نہیں کرتا صوبائی حکومت کو اس امر کا سنجیدگی سے جائزہ لینا ہوگا کہ آخر کیوں محکمے وزیراعلیٰ کے وژن کو عملی شکل دینے میں ناکام نظر آتے ہیں۔ محکمہ لوکل گورنمنٹ، بلدیہ عظمیٰ کوئٹہ (میٹروپولیٹن کارپوریشن) اور صفا کوئٹہ پراجیکٹ کی مجموعی کارکردگی مایوس کن رہی ہے۔ بارش جیسے معمولی اور پیشگی معلوم موسم کے لئے بھی اگر انتظامات نہ ہوں تو پھر بڑے دعوؤں کی حیثیت محض بیانات تک محدود رہ جاتی ہے۔ یہ ادارے آخر کس بات کی مراعات لے رہے ہیں؟ اگر نالیوں کی صفائی، گٹر لائنز کی درستگی اور بارش سے قبل پیشگی اقدامات بھی ممکن نہیں تو پھر ان محکموں کا وجود ہی سوالیہ نشان بن جاتا ہے۔ اسی طرح کیسکو کی ناقص کارکردگی پر بھی کھل کر بات کرنے کی ضرورت ہے۔ یہ کیسا بجلی کا نظام ہے کہ ہلکی سی بارش پورے شہر کو اندھیروں میں دھکیل دیتی ہے؟ اگر کیسکو کے اہلکار ایک فالٹ ڈھونڈنے میں بیس چوبیس گھنٹے لگا لیتے ہیں تو پھر ان کی پیشہ ورانہ قابلیت پر سوال اٹھانا بالکل جائز ہے اگر کیسکو عوام کو بروقت اور معیاری سہولیات فراہم کرنے میں ناکام ہے تو پھر بہتر یہی ہوگا کہ اسے مکمل طور پر نجی تحویل میں دیا جائے، تاکہ کم از کم جوابدہی کا کوئی موثر نظام تو قائم ہو سکے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ صوبائی حکومت محض بیانات سے آگے بڑھے، متعلقہ اداروں کی کارکردگی کا سختی سے جائزہ لے اور عملی اقدامات کرے۔ ورنہ کوئٹہ کے باسیوں کے لئے ہر آنے والی بارش خوشی کے بجائے خوف اور اذیت کی علامت بنتی رہے گی۔

دھیمے لہجے کا سیاستدان

جلسہ عام



مجیب الرحمان شامی

اُلفت کے راستے

اظہار خیال



ایاز امیر

ایف سی بلوچستان (ساؤتھ) سیکیورٹی سے عوامی خدمت تک

افکار زاہدی



نسیم الحق زاہدی

naseemulhaq.nuhz@gmail.com

ہم مدد کیوں نہیں مانگتے؟

زاویہ نظر

ملیحہ سید

بنیادی طور پر ہم ایک ایسا معاشرہ ہیں جہاں بچپن سے ہی درد کو برداشت کرنا سکھایا جاتا ہے مگر اس پر بات کرنا معیوب سمجھا جاتا ہے۔ ہمیں سکھایا جاتا ہے کہ تکلیف کو دانتوں کے دبا کر مسکرا دینا وقار کی علامت ہے اور اپنے دکھ کو زبان دے دینا کمزوری اور سماج کمزور لوگوں کے لیے نہیں رہا۔ مجھے لگتا ہے کہ ہم سب مضبوط نظر آنے کی ایک طویل تربیت سے گزرتے ہیں۔ ہمیں شروع سے یہی بتایا جاتا ہے کہ "رونا نہیں"، "سب ٹھیک ہو جائے گا"، "لوگ کیا کہیں گے؟" وغیرہ وغیرہ۔ یہ جملے بظاہر تسلی دینے اور حوصلہ بڑھانے کے لیے ہوتے ہیں مگر حقیقت میں یہ درد، ناانصافی اور ظلم کو خاموشی سے سہنے کی مشق ہوتے ہیں۔ ہم سیکھ جاتے ہیں کہ سوال نہیں کرنا، شکایت نہیں کرنی اور اگر اندر کچھ ٹوٹ بھی رہا ہو تو باہر سے مضبوط دکھائی دینا ہے۔ جس کے بعد موت تک ہم ایک گھٹی گھٹی زندگی گزارتے ہیں، ہم تھک جاتے ہیں، ہم بوجھل ہو جاتے ہیں مگر مسکراتے رہتے ہیں، ہم اندر سے ٹوٹتے ہیں مگر باہر سے ثابت قدمی سے کھڑے رہتے ہیں۔ یقین کیجئے کہ مضبوط نظر آنا کمزور نظر آنے سے کہیں زیادہ مشکل کام ہے۔

یہی رویہ آہستہ آہستہ ہماری نفسیات کا حصہ بن جاتا ہے۔ ہم اپنے ہی دکھ کو معمولی سمجھنے لگتے ہیں۔ ہمیں لگتا ہے شاید ہم ہی کمزور ہیں، شاید باقی سب تو سب کچھ سنبھال رہے ہیں، صرف ہم ہی ہیں جو بکھر رہے ہیں اور یوں ہم مدد مانگنے کی بجائے خود کو مورد الزام ٹھہرانا شروع کر دیتے ہیں۔ نفسیاتی مدد ہمارے ہاں اب بھی عیاشی یا کمزوری سمجھی جاتی ہے۔ اگر کوئی کہہ دے کہ وہ ڈپریشن میں ہے تو فوراً اس کے کردار، ایمان یا شکرگزاری پر سوال اٹھائے جاتے ہیں۔ جیسے اداسی یا ذہنی تھکن کوئی اخلاقی جرم ہو۔ جیسے ذہنی بیماری کا مطلب یہ ہو کہ انسان نے خدا پر بھروسا چھوڑ دیا ہے یا زندگی کی نعمتوں کی قدر نہیں کی۔ ہم یہ بھول جاتے ہیں کہ شکرگزاری اور ذہنی صحت دو الگ چیزیں ہیں اور ایک کا ہونا دوسرے کی نفی نہیں کرتا۔ مردوں کو کہا جاتا ہے کہ "مرد بنو، مرد روتے نہیں"، "مردوں کو درد نہیں ہوتا"۔ عورتوں کو کہا جاتا ہے "صبر کرو، اچھی عورتیں صبر کرتی ہیں"۔ بچوں کو کہہ دیا جاتا ہے کہ "یہ سب بہانے بازی ہے، تمہیں کیا ہوا ہے؟" اور یوں ہر عمر، ہر جنس اور ہر رشتے کے لوگ خاموش رہنا سیکھ لیتے ہیں یا انہیں خاموش رہنا سکھا دیا جاتا ہے۔

یہ خاموشی وقتی نہیں ہوتی بلکہ یہ سالوں جمع ہوتی رہتی ہے۔ یہ دل میں گانٹھ بن جاتی ہے، ذہن میں بوجھ، اور جسم میں تھکن اور درد کر بیٹھ جاتی ہے۔ ہم مدد اس لیے نہیں مانگتے کیونکہ ہمیں ڈر ہوتا ہے کہ ہمیں کمزور سمجھ لیا جائے گا۔ ہمیں خوف ہوتا ہے کہ لوگ ہمیں نااہل، ناشکرے یا ناکام قرار دے دیں گے۔ ہمیں یہ اندیشہ لاحق ہوتا ہے کہ ہماری بات مذاق بن جائے گی، ہماری حالت افواہ اور ہماری تکلیف تماشا۔ اسی خوف میں ہم خود کو سنبھالے رکھتے ہیں، اتنا سنبھالے رکھتے ہیں کہ ایک دن سنبھلنا ہی بھول جاتے ہیں۔ یہ معاشرہ ہمیں دکھ جھیلنا تو سکھاتا ہے مگر سہارا لینا نہیں۔ ہمیں قربانی اور برداشت کی مثالیں تو دی جاتی ہیں مگر مسائل کے حل کے راستے نہیں بتائے جاتے۔ "سب ٹھیک ہو جائے گا" کہنا بہت آسان ہے مگر کب اور کیسے ٹھیک ہوگا، اس پر بات کرنا مشکل اور غیر ضروری سمجھا جاتا ہے۔ ہم نے خود کو تسلیوں کے جملوں سے بہلانا سیکھ لیا ہے، اصل مسئلے کا سامنا کرنا نہیں۔

میں نے کہا میں ٹھیک نہیں ہوں، انہوں نے کہا شکر کرو اور آگے بڑھو، میں آگے بڑھ گئی مگر خود کو وہیں چھوڑ آئی۔

پاکستان۔بائنانس معاہدہ کتنا فائدہ مند؟

دسترس

میاں عمران احمد

حکومت نے ایک غیر روایتی راستہ اختیار کرتے ہوئے دنیا کی سب سے بڑی کرپٹو ایکسچینج بائنانس سے مفاہمتی یادداشت پر دستخط کیے ہیں، جس کے تحت دو ارب ڈالرز کے سرکاری اثاثوں کی ڈیجیٹل ٹوکنائزیشن کے لیے راستے تلاش کیے جائیں گے۔ یہاں سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ مشکل مالی حالات میں پاکستان نے بائنانس سے معاہدہ کیوں کیا ہے اور اس سے پاکستانی عوام کو فائدہ ہوگا یا نقصان؟ پاکستان ایک بار پھر معاشی دوراہے پر کھڑا ہے۔ زرمبادلہ کے ذخائر دباؤ میں ہیں، بیرونی قرض مہنگا ہو رہا ہے، عالمی منڈیوں میں پاکستان کے بانڈز پر اعتماد کم ہے، ریٹنگ ایجنسیاں محتاط ہیں، آئی ایم ایف پروگرام کی شرائط مزید سخت ہوتی جا رہی ہیں اور روایتی سرمایہ کاری کے دروازے محدود ہوتے جا رہے ہیں۔ ایسے میں اگر سرکاری اثاثوں جیسے بانڈز وغیرہ کو بلاک چین پر ڈیجیٹل ٹوکن کی صورت میں پیش کیا جائے تو عالمی سرمایہ کاروں تک براہ راست رسائی مل سکتی ہے، کم شرح سود پر فوری لیکویڈیٹی حاصل کی جا سکتی ہے۔ سادہ لفظوں میں اثاثوں کی شکل بدل کر سرمایہ کھینچنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔

ڈیجیٹل ٹوکنائزیشن سے عالمی سرمایہ کار پاکستان کے سرکاری اثاثوں میں سرمایہ کاری کر سکیں گے، جس سے زرمبادلہ بڑھے گا اور روپے پر دباؤ کم ہوگا۔ اگر واقعی بیرونی سرمایہ آیا اور معیشت میں استحکام پیدا ہوا تو اس کے اثرات مہنگائی میں کمی، درآمدی دباؤ میں کمی اور مجموعی معاشی اعتماد کی بحالی کی صورت میں عوام تک پہنچ سکتے ہیں۔ مزید یہ کہ اگر یہ نظام شفاف ہوا اور عام پاکستانی کو بھی ڈیجیٹل بانڈز یا اثاثہ ٹوکن میں سرمایہ کاری کا موقع ملا تو یہ پہلی بار ہوگا کہ چھوٹا سرمایہ کار ریاستی مالیاتی نظام میں براہ راست شریک ہو سکے گا۔ نظریاتی طور پر یہ ایک مثبت پیش رفت ہو سکتی ہے۔ یہ معاہدہ پاکستانی نوجوانوں کے لیے بھی مواقع پیدا کر سکتا ہے۔ بلاک چین، فن ٹیک اور ڈیجیٹل فنانس، وہ شعبے ہیں جن میں دنیا بھر میں روزگار تیزی سے بڑھ رہا ہے۔ اگر حکومت اس معاہدے کو تربیت، سکل ڈویلپمنٹ اور مقامی ٹیلنٹ کے فروغ سے جوڑ دے تو ہزاروں نوجوان ملک سے باہر جائے بغیر عالمی ڈیجیٹل معیشت سے جڑ سکتے ہیں اور بے روزگاری کم ہو سکتی ہے۔ پاکستان کی معیشت کا ایک بڑا سہارا بیرون ملک پاکستانیوں کی بھیجی گئی ترسیلات زر ہیں۔ موجودہ نظام میں ان ترسیلات پر بھاری فیس، تاخیر اور ہنڈی حوالہ جیسے غیر قانونی چینلز کا دباؤ موجود ہے۔ اگر بلاک چین پر مبنی ڈیجیٹل نظام کو ریگولیٹڈ انداز میں اپنایا گیا تو ترسیلات تیز، سستی اور شفاف ہو سکتی ہیں۔ اس کا براہ راست فائدہ ان لاکھوں خاندانوں کو ہوگا جو ہر ماہ بیرون ملک سے آنے والی رقم پر گزارا کرتے ہیں۔ ایک اور اہم پہلو صارفین کا تحفظ ہے۔ اس وقت جعلی سکیمیں اور فراڈ عام ہیں۔ بائنانس کے ساتھ تعاون کے نتیجے میں اگر واضح ریگولیٹری فریم ورک سامنے آتا ہے تو کے وائے سی اور منی لانڈرنگ کے خلاف اقدامات لازمی ہوں گے۔ اس سے عام صارف کے لیے سرمایہ کاری زیادہ محفوظ ہو سکتی ہے اور فراڈ کے امکانات کم ہو سکتے ہیں۔

محمد ہارون دبئی میں دنیا کی پہلی پرائیویٹ ایکویٹی فنڈ انکارپوریشن بلاک چین ٹوکن ایکسچینج کے ایڈوائزر رہے ہیں اور کرپٹو کرنسی کے حوالے سے حکومت پاکستان کی رہنمائی کر رہے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ 'بائنانس سے معاہدہ وقت کی اہم ضرورت ہے۔ تقریباً دو کروڑ سے زیادہ پاکستانی بائنانس میں سرمایہ کاری یا ٹریڈنگ سے جڑے ہیں اور تقریباً چار کروڑ پاکستانی کرپٹو ٹریڈنگ سے جڑے ہیں۔ بقول ہارون: 'کرپٹو اڈاپشن میں امریکہ اور انڈیا کے بعد پاکستان تیسرا بڑا ملک ہے۔ ایسے حالات میں پاکستانی عوام کو بغیر کسی قانون کے چھوڑ دینا یا ان کے خلاف کارروائی کرنا فائدے سے زیادہ نقصان دہ ہو سکتا ہے۔' انہوں نے بتایا کہ 'ایک اندازے کے مطابق پاکستانی عوام تقریباً 35 ارب ڈالرز کی کرپٹو کرنسی کے مالک ہیں۔ یہ ملک کا اثاثہ ہیں۔ بائنانس سے معاہدہ مزید راستے کھول سکتا ہے اور 35 ارب ڈالرز سٹیٹ بینک آف پاکستان اور ملکی ڈالرز ذخائر کا حصہ بن سکتے ہیں۔

بڑے بڑے اثاثے صرف ایلیٹ کلاس ہی نہیں خرید سکے گی بلکہ عام آدمی بھی ان اثاثوں میں شراکت دار بن سکے گا۔ حکومتی پابندیوں اور بغیر کسی رہنمائی کے ہی پاکستانی عوام کرپٹو ٹریڈنگ میں تیسرے نمبر پر ہیں۔ اگر حکومت سربراہی کرے تو پاکستانی عوام اپنے اثاثے کیش کی بجائے بائنانس میں رکھنے کو ترجیح دیں گے، جس سے عوام اور سرکار دونوں کا فائدہ ہو سکتا ہے۔ بانڈز کے اجرا کے لیے بینکوں کی انڈر رائٹنگ فیس، لیگل اخراجات، کریڈٹ ریٹنگ، روڈ شوز اور کلیئرنگ چارجز ملا کر دو ارب ڈالر کے بانڈز پر ابتدائی لاگت ہی 30 سے 40 ملین ڈالر تک پہنچ جاتی ہے، جبکہ ٹوکنائزیشن میں یہ خرچ دو تہائی سے بھی کم ہو سکتا ہے۔ تاہم یہاں ایک بڑا سوال بھی موجود ہے۔ کیا پاکستان کے پاس ایسا ریگولیٹری فریم ورک ہے جو ٹوکنائزڈ بانڈز کو محفوظ اور شفاف بنا سکے؟ کیا سٹیٹ بینک اور سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) کے قوانین اس جدید فنانسنگ کو سنبھالنے کی صلاحیت رکھتے ہیں؟ اور سب سے اہم، کیا آئی ایم ایف اس طریقۂ کار کو روایتی قرض ہی سمجھے گا یا اسے کسی اور شکل میں قبول کرے گا؟ یہ حقیقت بھی نظرانداز نہیں کی جا سکتی کہ ٹیکنالوجی خود مسئلے کا حل نہیں ہوتی۔ اگر گورننس کمزور ہو تو ٹوکنائزیشن بھی ایک نیا مالی خطرہ بن سکتی ہے، بالکل ویسے ہی جیسے ماضی میں کئی مالیاتی تجربات ناکام ہوئے۔ پاکستان ورچوئل ریگولیٹری اتھارٹی کے چیئرمین بلال بن ثاقب کے مطابق اگر پاکستان کرپٹو کرنسی کو قانونی شکل نہیں دیتا تو دوبارہ ایف اے ٹی ایف کی گرے لسٹ میں شامل ہو سکتا ہے۔ کرپٹو اڈاپشن میں صرف ایک سال میں پاکستان نویں نمبر سے تیسرے نمبر پر آ گیا ہے۔ بائنانس کے ساتھ معاہدہ عوامی رائے کی ترجمانی کرنے کے مترادف ہے۔

بھارت کے ہاتھوں یرغمال جنوبی ایشیا کا امن

اظہار خیال



عمران یعقوب خان

کون ہوگا کپتان کا جانشین؟

وفاق نامہ

رشید صافی

عوامی اشتہارات
MASHRIQ CLASSIFIED

میر اصغر رند: خدمت، ترقی اور عوامی اعتماد کی پہچان

تحریر: سمیرا راجپوت

مغوی ایریگیشن ڈرائیور غلام حسین کی بحفاظت بازیابی پر اظہار اطمینان

سرانان محلہ لوکالکی حرمزئی میں سولر بور کا باقاعدہ افتتاح کر دیا گیا

تحصیل مولہ خضدار میں شمسی توانائی سے انقلابی تبدیلی

تحریر: محمد وارث

اصغر اتمانخیل کی قیادت میں مسلمان بچی کے نقاب اتارنے کے خلاف احتجاجی ریلی

نصیر آباد میں بڑھتی بدامنی کے واقعات پر پولیس کی خاموشی لمحہ فکریہ ہے عوامی جرگہ

عوام بے یارومددگار ہیں، ڈکیتی و رہزنی میں تاجروں کی ہلاکت بزنس کمیونٹی کیلئے خطرناک الارمنگ ہے، بشیر احمد ماندائی علی بخش جمالی محمد وارث ابڑو

گھروں اور دکانوں میں ہونے والے ڈکیتی کے واقعات میں ملوث ڈاکوؤں کو گرفتار اور نقصانات کا ازالہ کیا جائے، جاگن خان مغیری، شاہ محمد او دیگر کا خطاب

ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگار) جماعت اسلامی نصیر آباد کے زیر اہتمام نصیر آباد کو امن دو پر ایک بڑا عوامی جرگہ امیر جماعت اسلامی بشیر احمد ماندائی کی صدارت میں منعقد ہوا جس میں مختلف سیاسی جماعتوں مذہبی رہنماؤں سول سوسائٹی کے نمائندوں ٹریڈ یونینز کے عہدیداروں سمیت بڑی تعداد میں لوگوں نے شرکت کی امن گرینڈ جرگہ سے خطاب کرتے ہوئے سیاسی وسماجی رہنماؤں جس میں امیر جماعت اسلامی بشیر احمد ماندائی گرینڈ الائنس کے مرکزی ترجمان علی بخش جمالی جاموٹ قومی موومنٹ کے محمد وارث ابڑو، نیشنل پارٹی کے جاگن خان مغیری، وائس چیئرمین شاہ محمد باڑا کونسلران محمد عثمان ابڑو، مولا حسن بنگ، خان جان ہنگورجو، سیف واسوانی، کونسلر غلام رسول سونگی، مولانا محمد داؤد، سفر خان جویا، تاج بلوچ، حاجی رحمت اللہ ہنگورجو، ملازمین اتحاد کے صدر عبداللہ بلوچ، میر جان مینگل، کامریڈ نذیر احمد مستوئی، عبدالعزیز ... کرنے کا مقصد نصیر آباد میں بڑھتی ہوئی بدامنی رہزنی ڈکیتی کے واقعات پر پولیس کی خاموشی لمحہ فکر ہے عوام بے یارومددگار ہیں ڈکیتی و رہزنی میں تاجروں کی ہلاکت بزنس کمیونٹی کیلئے خطرناک الارمنگ ہے شہر میں تاجر اور بزنس مین سمیت عوام اپنے آپ کو غیر محفوظ سمجھ رہے ہیں انہوں نے کہا کہ عوام تاجروں ملازمین سمیت شہریوں کو امن ... کرنے کے ساتھ ساتھ اور نقصانات کا ازالہ کیا جائے۔ ڈیرہ مراد جمالی شہر اور دیگر علاقوں سے چوری ہوئے اور چھینے گئے موٹر سائیکل برآمد کیے جائیں۔ جرائم کا مکمل خاتمہ کیا جائے۔ رنچ کینال کو زمینداروں کی ضرورت کے مطابق زرعی پانی کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ 26 دسمبر کو مطالبات کے حق میں احتجاجی مظاہرہ ہوگا۔

لورالائی، اسرار شہید امن کمیٹی کی مسلسل کاوشوں نے رنگ لانا شروع کر دیا ہے

کوہ باردیم کے اطراف اب پرندوں کے غول کے غول اڑتے اور گھومتے نظر آتے ہیں

میر دینار خان ڈومکی کی سبی کلمہ چوک واقعے کے زخمیوں کی عیادت

جام کمال خان دوراندیش، ترقی پسند اور محب وطن سیاسی قائد ہیں

عوام کو معیاری، سستی اشیا کی فراہمی اولین ترجیح ہے، اسسٹنٹ کمشنر خضدار

بلدیاتی انتخابات میں اکثریت کو اقلیت میں تبدیل کیا گیا، سلیم بلوچ

میر علی حسن زہری کی پیپلز پارٹی کا سینئر نائب صدر منتخب ہونے پر مبارکباد

جشن عید گل سیدنا ابوبکر صدیقؓ کانفرنس کا انعقاد، عاشقان رسول کی بڑی تعداد کی شرکت

کارکن پارٹی میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں، میر صادق عمرانی

علی بخش جمالی کا میر عبدالغفور لہڑی سے مغوی کی بازیابی پر اظہار تشکر

نائب تحصیلدار کی غیر قانونی پیٹرول پمپوں کے خلاف کارروائی

آر ڈی ایم سی اسکول اسکالرشپ پروگرام کے تحت سالانہ نتائج کی تقریب

بعدالت جناب سینئر سول جج II کوئٹہ بااختیارات جناب ڈسٹرکٹ جج صاحب کوئٹہ

بعدالت میرزا بر علی ڈومکی تحصیلدار و اسسٹنٹ کلکٹر درجہ اول سبی

دفتر ہزارہ مغل ٹرائبل کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی علمدار روڈ کوئٹہ کینٹ

MILITARY ENGINEER SERVICES

"NOTICE OF TENDER"

The Office of the AGE (A) SI&T Quetta invited sealed tenders for the following works in the light **PPRA Rule 13 (1) of 2004.**

Ser	Name of Work	Approx Cost Rs. (M)	Completion period
a.	TC B&R for Minor / Maint Deposit Works Excel Mud Plastering of MES Regulations (Resdl / Non Resdl Accn) in B&R Sub Divn under AGE (A) SI&T Qta Cantt (20x Contracts).	1.999 (M) Each	12x Months
b.	DC B&R for Periodical Services Incl Mud Plasteering in Table 'E of MES Regs (Resdl / Non Resdl Accn) in B&R Sub Divn under AGE (A) SI&T Qta Cantt. (10x Contracts)	1.999 (M) Each	12x Months
c.	TC E&M for Internal / External Elec Supply Items in E&M Sub Divn under AGE (A) SI&T Qta Cantt (06x Contracts)	1.999 (M) Each	12x Months
d.	TC E&M for Internal / External Sui Gas & Water Items in E&M Sub Divn under AGE (A) SI&T Qta cantt (05x Contracts)	1.999 (M) Each	12x Months
e.	Provn of Bazar Supply Materials B&R / E&M Items under AGE (A) SI&T Qta (5x Contracts)	1.999 (M) Each	12x Months

1. Contractors who are enlisted with MES in Category 'E' **Rs. 40,000/-** and above may only apply.
2. Contractors who are enlisted with other department like central/ provincial PWD, KDA, CDA, BWR, WAPDA etc may also tender provided that they are approved contractors will furnish the enlistment documents with their applications for issued of tender.
3. Contractors who are not enlisted with MES will deposit **5% as** earnest money and in any sch Bank of Pakistan in favour of AGE (A) SI&T, Qta and the Treasury Receipt Bank Receipt will be sent alongwith application.
4. Tender must be comprised on two envelopes one contains priced tender and other priced BOs duly seal.
5. If tender of contractor not enlisted with MES is accepted he shall be required todeposit **Rs 40,000/-** as security in firm as demanded by accepting officer. Tenders shall be issued to contractford upto **05th Jan 2026** during during office hours.
6. Copies of the condition of contracts, schedule, drawing and all other documents connected with the work can be examined / obtained from the office of undersigned.
7. Tenders must be quoted on MES Schedule of Rates 2021. Tenders must be reach before **05th Jan 20265 11:00 Hrs** and will be opened at **1200 Hrs** on the same date.

Acceoting authority does have the right to accept or reject the tender.However, **Rules 33 (1)** will be applicable.

چھکے چوکوں کی برسات، سمیر منہاس نے بھارت کیخلاف میچ میں تاریخ رقم کر دی

سمیر منہاس نے بھارتی بولرز کی خوب دھلائی کی اور 113 گیندوں پر 172 رنز کی طوفانی اننگز کھیلی۔ سمیر منہاس نے اپنی اننگز کے دوران 17 چوکے اور 9 چھکے لگائے

اس سے قبل باؤنڈریز کے ذریعے سب سے زیادہ رنز بنانے کا ریکارڈ شائل حسن کے پاس تھا جنہوں نے 2023 میں سری لنکا انڈر 19 کیخلاف 150 رنز کی اننگ کھیلی تھی

دبئی (این این آئی) ایشیا کپ انڈر 19 کے فائنل میں پاکستان کے اوپنر سمیر منہاس نے شاندار کارکردگی دکھاتے ہوئے نئی تاریخ رقم کر دی۔ دبئی میں کھیلے جانے والے میچ میں سمیر منہاس نے بھارتی بولرز کے خلاف دھواں دار بیٹنگ کی اور چھکوں چوکوں کی بارش کر دی۔ سمیر منہاس نے بھارتی بولرز کی خوب دھلائی کی اور 113 گیندوں پر 172 رنز کی طوفانی اننگز کھیلی۔ سمیر منہاس نے اپنی اننگز کے دوران 17 چوکے اور 9 چھکے لگائے، انہوں نے بیشتر رنز باؤنڈریز لگا کر حاصل کیے۔ سمیر منہاس نے باؤنڈریز لگا کر سب سے زیادہ رنز بنانے والے انڈر 19 پاکستانی بیٹر بن گئے ہیں، انہوں نے 172 رنز کی اننگز میں 122 رنز باؤنڈریز لگا کر بنائے۔ اس سے قبل باؤنڈریز کے ذریعے سب سے زیادہ رنز بنانے کا ریکارڈ شائل حسن کے پاس تھا جنہوں نے 2023 میں سری لنکا انڈر 19 کیخلاف 150 رنز کی اننگ کھیلی تھی جس میں 94 رنز باؤنڈریز سے حاصل کیے تھے۔ شائل نے اس اننگ میں 13 چوکے اور سات چھکے لگائے تھے۔

پی ایس ایل کی 2 نئی ٹیموں کی بڈنگ کی ڈیڈ لائن میں ایک بار پھر رد و بدل

لاہور (آئی این پی) پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل) کی 2 نئی ٹیموں کی بڈنگ کی ڈیڈ لائن میں ایک بار پھر رد و بدل کر دیا گیا۔ ذرائع کے مطابق نئی ٹیموں کے لیے ٹیکنیکل پروپوزل جمع کرانے کی آخری تاریخ 24 دسمبر مقرر کی گئی ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ 2 روز ہفتہ وار تعطیلوں کی چھٹیوں کی وجہ سے ڈیڈ لائن میں اضافہ کیا گیا۔ ذرائع کے مطابق پہلے 15 دسمبر سے تاریخ بڑھا کر 22 دسمبر کی گئی تھی، ٹیکنیکل بڈنگ کے لیے اب 24 دسمبر تاریخ مقرر کی گئی ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ بڈنگ کی خواہشمند پارٹیز کی وجہ سے تاریخ بڑھائی گئی ہے۔ واضح رہے کہ پی ایس ایل کی نئی ٹیموں کے لیے اوپن آکشن بڈنگ 8 جنوری اسلام آباد میں ہوگی۔

وزیراعظم شہباز شریف کی ایشیاء کپ جیتنے پر پاکستانی ٹیم کو مبارکباد

پاکستان کرکٹ بورڈ کے چیئرمین محسن نقوی سمیت تمام ٹیم مینجمنٹ خراجِ تحسین پیش کرتا ہوں، شہباز شریف

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے انڈر 19 ایشیاء کپ جیتنے پر پاکستانی ٹیم اور پوری قوم کو مبارکباد دی ہے اور کہا ہے کہ انڈر 19 ٹیم بلاشبہ مستقبل میں بھی ملک کا نام عالمی سطح پر روشن کرے گی، پاکستان کرکٹ بورڈ کے چیئرمین محسن نقوی سمیت تمام ٹیم مینجمنٹ خراج تحسین پیش کرتا ہوں۔ ایک بیان میں وزیراعظم نے انڈر 19 ایشیاء کپ جیتنے پر پاکستانی ٹیم اور پوری قوم کو مبارکباد دی اور کہا کہ پاکستانی کھلاڑیوں نے بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کیا۔

ایشز میں مسلسل شکست، بیز بال ناکام ہو چکا، میکلم کو اب جانا چاہیے، جیفری بائیکاٹ

کھلاڑی سہل پسندی کا شکار ہیں غلطیاں پر غلطیاں کرتے ہیں، سابق انگلش کپتان

ایڈیلیڈ (آئی این پی) انگلینڈ کے سابق کپتان جیفری بائیکاٹ نے ایڈیلیڈ میں آسٹریلیا کے ہاتھوں ایشز کے تیسرے ٹیسٹ میں شکست کھانے پر ایک بار پھر انگلش ٹیم پر برہمی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ بیز بال ناکام ہو چکا ہے، برینڈن میکلم کو اب جانا چاہیے، جیفری اور حد سے زیادہ خود اعتمادی نے کامن سینس کی جگہ لے لی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بین اسٹوکس اور برینڈن میکلم نے ہماری کرکٹ کے ساتھ جو کیا اس کا کریڈٹ انہیں جاتا ہے، کامن سینس کی بجائے غرور کی اجازت نہیں دی جا سکتی۔

جعفرآباد، ڈپٹی کمشنر خالد خان کا گورنمنٹ بوائز ڈگری کالج میں سالانہ ہفتہ کھیل کے موقع پر کھلاڑیوں سے تعارف کرایا جا رہا ہے

سعودی عرب کے کھلاڑیوں کیلئے کی گئی درخواست کو مسترد کیا، بنگلہ دیش کرکٹ بورڈ

سعودی عرب نے مرد و خواتین کھلاڑیوں اور پھر کوچز دینے کا کہا، امین الاسلام

ڈھاکہ (این این آئی) بنگلہ دیش کرکٹ بورڈ کے صدر امین الاسلام نے کہا ہے کہ سعودی عرب کی کھلاڑیوں اور کوچز کیلئے کی گئی درخواست کو مسترد کر دیا ہے۔ صدر بی سی بی امین الاسلام نے بتایا کہ قانونی تقاضے پورے ہونے کے بعد ان کھلاڑیوں اور کوچز نے سعودی عرب کیلئے کھیلنا تھا۔

پی ایس ایل کی دو نئی ٹیموں کیلئے بولی جمع کرانے کی آخری تاریخ میں دوبارہ توسیع

نئی ٹیموں کی بڈ جمع کروانے کی نئی آخری تاریخ 24 دسمبر مقرر، اس سے قبل 22 دسمبر رکھی گئی تھی

لاہور (این این آئی) پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل) کی دو نئی ٹیموں کے لیے بولی جمع کرانے کی آخری تاریخ ایک بار پھر تبدیل کر دی گئی ہے۔ پاکستان کرکٹ بورڈ کے ذرائع کے مطابق نئی ٹیموں کی بڈ جمع کروانے کی نئی آخری تاریخ 24 دسمبر مقرر کی گئی ہے۔ اس سے قبل بولی جمع کرانے کی پہلی تاریخ 15 دسمبر جب کہ دوسری تاریخ 22 دسمبر رکھی گئی تھی، تاہم اب فرنچائزز کو مزید وقت فراہم کر دیا گیا ہے۔ دوسری جانب ذرائع نے کہا کہ پی ایس ایل کی نئی فرنچائزز کے لیے اہل بولی دہندگان کے ناموں کا اعلان 27 دسمبر کو کیا جائے گا، جبکہ نئی ٹیموں کی باضابطہ نیلامی 8 جنوری کو منعقد ہوگی۔

دبئی، انڈر 19 ایشیا کپ کے فائنل میں بھارت کیخلاف شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے سمیر منہاس ایوارڈز حاصل کرنے پر خوشگوار موڈ میں ہیں

نیوزی لینڈ کے اوپنرز نے کرکٹ کی تاریخ کا غیر معمولی ریکارڈ اپنے نام کر لیا

ویسٹ انڈیز کے خلاف دوسری اننگز میں ٹام لیتھم نے 101 جبکہ ڈیون کانوے نے 100 رنز بنائے۔ پہلی اننگز میں ٹام لیتھم نے 137 اور ڈیون کانوے نے 227 رنز بنائے تھے

ٹیسٹ کرکٹ کی تاریخ میں پہلی مرتبہ دونوں اوپنرز نے دونوں اننگز میں سنچریاں اسکور کیں، دوسری اننگز میں ڈیون کانوے نے سنچری بنائی جبکہ انہوں نے پہلی اننگز میں 227 رنز بنائے تھے

ماؤنٹ مونگانوئی (این این آئی) نیوزی لینڈ کے اوپنرز نے ٹیسٹ کرکٹ کی تاریخ کا غیر معمولی ریکارڈ اپنے نام کر لیا۔ ٹیسٹ کرکٹ کی تاریخ میں پہلی مرتبہ دونوں اوپنرز نے دونوں اننگز میں سنچریاں اسکور کیں۔ تفصیلات کے مطابق نیوزی لینڈ کے ٹام لیتھم اور ڈیون کانوے نے ٹیسٹ کرکٹ کی تاریخ کا ریکارڈ قائم کیا۔ ویسٹ انڈیز کے خلاف دوسری اننگز میں ٹام لیتھم نے 101 جبکہ ڈیون کانوے نے 100 رنز بنائے۔ پہلی اننگز میں ٹام لیتھم نے 137 اور ڈیون کانوے نے 227 رنز بنائے تھے۔ ڈیون کانوے ایک ٹیسٹ میں ڈبل سنچری اور سنچری بنانے والے نیوزی لینڈ کے پہلے بیٹر بھی بن گئے ہیں۔ ماؤنٹ مونگانوئی میں ویسٹ انڈیز کے خلاف تیسرے ٹیسٹ کی دوسری اننگز میں ڈیون کانوے نے سنچری بنائی جبکہ انہوں نے پہلی اننگز میں 227 رنز بنائے تھے۔

آئی ایل ٹی 20: ڈیزرٹ وائپرز کی شارجہ واریئرز کے خلاف شاندار فتح، ٹاپ ٹو میں جگہ پکی

دبئی (آئی این پی) ڈی پی ورلڈ آئی ایل ٹی 20 سیزن 4 میں ڈیزرٹ وائپرز نے عمدہ کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے شارجہ واریئرز کو چار رنز سے شکست دے دی۔ دبئی انٹرنیشنل اسٹیڈیم میں کھیلے گئے میچ میں وائپرز کی یہ ساتویں کامیابی ثابت ہوئی، جس کے بعد ٹیم آٹھ میچوں میں 14 پوائنٹس کے ساتھ پوائنٹس ٹیبل کے ٹاپ ٹو میں پہنچ گئی ہے۔

بابر اعظم نے ٹی ٹوئنٹی تاریخ میں نیا سنگِ میل عبور کر لیا

ٹی ٹوئنٹی کرکٹ میں پہلی اننگز کھیلتے ہوئے 50 یا زائد اسکورز کی تعداد 63 تک پہنچادی، ویرات کوہلی کے ہم پلہ ہو گئے

سڈنی (این این آئی) پاکستان کرکٹ کے اسٹار بیٹر اور سابق کپتان بابر اعظم نے ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل کرکٹ میں سب سے زیادہ رنز بنانے کے بعد اب ایک اور بڑا ریکارڈ برابر کر دیا ہے جو اس سے قبل بھارتی سپر اسٹار ویرات کوہلی کے نام تھا۔ بابر اعظم نے آسٹریلیا کی بگ بیش لیگ (بی بی ایل 15) میں سڈنی سکسرز کی نمائندگی کرتے ہوئے سڈنی تھنڈر کے خلاف میچ میں یہ سنگ میل عبور کیا۔ سڈنی کرکٹ گراؤنڈ (ایس سی جی) میں کھیلے گئے مقابلے میں بابر اعظم نے 42 گیندوں پر 58 رنز کی ذمہ دارانہ اننگز کھیلی جس میں 5 چوکے اور 2 چھکے شامل تھے۔ نصف سنچری کے ساتھ بابر اعظم نے ٹی ٹوئنٹی کرکٹ میں پہلی اننگز کھیلتے ہوئے 50 یا اس سے زائد اسکورز کی تعداد 63 تک پہنچا دی، یوں وہ ویرات کوہلی کے ہم پلہ ہو گئے۔ ڈینئیل ہیوز کے جلد آؤٹ ہونے کے بعد بابر اعظم نے ذمہ دارانہ اننگز کھیلی۔

تربت، کیچ سپورٹس فیسٹیول اینڈ فنس فیسٹیول کے سیکرٹری اتارزئی اور دیگر ضلع کیچ کے مختلف تعلیمی اداروں میں فیسٹیول کی تیاریوں کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

آسٹریلیا نے انگلینڈ کو 82 رنز سے شکست دیکر ایشز سیریز جیت لی

آسٹریلیا نے پہلی اننگز میں 371 اور دوسری اننگز میں 349 رنز بنائے تھے۔ انگلینڈ پہلی اننگز میں 286 رنز بنا سکی تھی

ایڈیلیڈ میں کھیلے گئے ٹیسٹ میچ میں انگلینڈ کی ٹیم دوسری اننگز میں 352 رنز بنا سکی، چوتھا میچ 26 دسمبر کو ہوگا، رپورٹ

ایڈیلیڈ (این این آئی) تیسرے ٹیسٹ میچ میں آسٹریلیا نے انگلینڈ کو 82 رنز سے شکست دیکر ایشز سیریز جیت لی ہے۔ ایڈیلیڈ میں کھیلے گئے ٹیسٹ میچ میں انگلینڈ کی ٹیم دوسری اننگز میں 352 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئی۔ دوسری اننگز میں انگلینڈ کی جانب سے زیک کرالی نے 85، جیمی اسمتھ نے 60 اور ول جیکس نے 47 رنز بنائے جبکہ آسٹریلیا کی جانب سے مچل اسٹارک، پیٹ کمنز اور نیتھن لیون نے تین تین وکٹیں حاصل کیں۔ آسٹریلیا نے پہلی اننگز میں 371 اور دوسری اننگز میں 349 رنز بنائے تھے۔ انگلینڈ پہلی اننگز میں 286 رنز بنا سکی تھی۔ آسٹریلیا نے 5 ٹیسٹ میچز کی ایشز سیریز میں تین صفر کی فیصلہ کن برتری حاصل کر لی ہے۔ سیریز کا چوتھا ٹیسٹ 26 دسمبر کو میلبورن میں کھیلا جائے گا۔

ٹینس اسٹار اسٹین واورینکا کا ریٹائرمنٹ کا اعلان

پرتھ (آئی این پی) دنیا کے نامور ٹینس کھلاڑی اور تین گرینڈ سلام سنگلز ٹائٹلز جیتنے والے اسٹین واورینکا نے اعلان کیا ہے کہ 2026 کا سیزن ان کے پروفیشنل ٹینس کیریئر کا آخری سیزن ہوگا۔ سوئس اسٹار نے کہا ہے کہ وہ اپنے طویل اور شاندار کیریئر کو بہترین ممکنہ انداز میں اختتام تک پہنچانا چاہتے ہیں۔ سوشل میڈیا پر اپنے پیغام میں واورینکا نے لکھا کہ ہر کتاب کا ایک اختتام ہوتا ہے، اور اب وقت آ گیا ہے کہ میں اپنے پروفیشنل ٹینس کیریئر کا آخری باب لکھوں۔ 2026 میرا آخری سال ہوگا۔ ان کے اس اعلان کے بعد دنیا بھر میں ٹینس شائقین جذباتی ہو گئے ہیں۔

میسی لوگوں کے بار بار چھونے اور گلے لگانے پر ناخوش تھے، گرفتار منتظم کا انکشاف

میسی کے بھارت دورے پر مجموعی طور پر تقریباً 100 کروڑ روپے خرچ ہوئے، رپورٹ

نئی دہلی (این این آئی) ارجنٹینا کے عالمی شہرت یافتہ فٹبالر لیونل میسی کے تین روزہ گوٹ ٹور آف انڈیا کے گرفتار مرکزی منتظم ستادرو دتہ نے انکشاف کیا ہے کہ میسی تقریب کے دوران لوگوں کے بار بار چھونے اور گلے لگانے پر ناخوش تھے۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق کلکتہ میں منعقدہ تقریب کے دوران ہنگامہ آرائی اور سیکیورٹی کی سنگین خامیوں کی تحقیقات جاری ہیں۔ خصوصی تحقیقاتی ٹیم (ایس آئی ٹی) نے بتایا کہ مرکزی منتظم ستادرو دتہ کے مطابق میسی کے بھارت دورے پر مجموعی طور پر تقریباً 100 کروڑ روپے خرچ ہوئے۔ مالی معاملات سے متعلق ستادرو دتہ نے بتایا کہ لیونل میسی کو بھارت کے دورے کے لیے 89 کروڑ روپے ادا کیے گئے جبکہ 11 کروڑ روپے بطور ٹیکس بھارتی حکومت کو دیے گئے۔

شکستوں کے گرداب میں پھنسی پاکستان ہاکی ٹیم ایک اور مشکل کا شکار ہوگئی

کھلاڑی شدید مالی مشکلات کا شکار ہیں، کئی نے ادھار لینا شروع کر دیا

لاہور (این این آئی) شکستوں کے گرداب میں پھنسی پاکستان ہاکی ٹیم ایک اور مشکل کا شکار ہوگئی، پلیئرز کو تاحال ڈیلی الاؤنسز کی ادائیگی نہ ہو سکی جس کی وجہ سے نیا بحران سامنے آ سکتا ہے، کھلاڑی شدید مالی مشکلات کا شکار ہیں، کئی نے روزمرہ کے اخراجات پورے کرنے کیلئے ادھار لینا شروع کر دیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق فیڈریشن کی جانب سے بار بار دی جانے والی یقین دہانیاں تاحال عملی شکل اختیار نہیں کر سکیں، پرو ہاکی لیگ کیلئے حکومت کی طرف سے پی ایچ ایف کو 25 کروڑ روپے کی گرانٹ دی گئی تھی جس کے بعد امید تھی کہ کھلاڑیوں کو ڈیلی الاؤنسز کی ادائیگی کا مسئلہ حل ہو جائے گا۔ حکام کی جانب سے دعویٰ کیا گیا کہ حکومتی فنڈز سے زیادہ ہیں کہ کھلاڑیوں کے واجبات باآسانی ادا کیے جا سکتے ہیں تاہم زمینی حقائق برعکس نظر آ رہے ہیں۔ قومی ٹیم کی ارجنٹائن روانگی سے قبل لاہور میں شیڈول تقریب کے دوران جب پلیئرز کو ادائیگیوں کے حوالے سے میڈیا نے سوال اٹھایا تو صدر پی ایچ ایف میر طارق بگٹی نے کہا کہ یہ کوئی مسئلہ نہیں ہے، جلد ہی پلیئرز کو ادائیگی کر دی جائے گی۔

رکن صوبائی اسمبلی ملک نعیم خان بازئی قلی آغوزئی پچلاک میں بوستان کرکٹ پریمیئر لیگ کے اختتام پر ونر ٹیم اور رنر ٹیم کے کپتانوں کو ٹرافیاں دے رہے ہیں

ویلڈن ٹیم پاکستان، شاباش سمیر منہاس، چیئرمین پی سی بی محسن نقوی کی مبارکباد

دبئی (این این آئی) چیئرمین پی سی بی محسن نقوی نے ایشیا کپ انڈر 19 فائنل میں بھارت کو شکست دینے پر پاکستان انڈر 19 ٹیم کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے کہ کھلاڑیوں نے شاندار کھیل کا مظاہرہ کر کے روایتی حریف بھارت کو شکست دی۔ اپنے بیان میں محسن نقوی نے کہا کہ بھارت کو ہرانے میں سمیر منہاس کی بیٹنگ پرفارمنس قابل تعریف رہی۔ انہوں نے کہا کہ یہ کامیابی بہترین محنت عملی اور ٹیم ورک کا نتیجہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ بیٹنگ، باؤلنگ اور فیلڈنگ میں کھلاڑیوں کی عمدہ کارکردگی کا نتیجہ جیت کی صورت میں سامنے آیا۔ انہوں نے کہا کہ یہ فتح شائقین کرکٹ کے لیے خوشی اور فخر کا زبردست لمحہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ پی سی بی کی رائزنگ اسٹارز پر سرمایہ کاری کا نتیجہ شاندار فتح کی صورت میں سامنے آیا جو قابل تحسین ہے۔

سکھر میں عالمی میراتھون، غیر ملکیوں سمیت ہزاروں رنرز کی شرکت

خواتین کی 10 کلومیٹر کی میراتھون دوڑ، کینیا کی ایتھلیٹ موتو کو اول، جاپانی ایتھلیٹ یوکو دوم رہی

سکھر (این این آئی) سکھر میں ہونے والے عالمی میراتھون ریس میں غیر ملکیوں سمیت 3 ہزار ایتھلیٹس شریک ہوئیں۔ عالمی میراتھون ریس کا آئی بی اے پبلک اسکول سے آغاز ہوا۔ 42.195 کلومیٹر میراتھون میں امریکہ، کینیڈا اور برطانیہ سمیت 10 ممالک کے 28 جبکہ ملک بھر سے 3 ہزار ایتھلیٹس نے حصہ لیا۔ میراتھون کا روٹ سکھر بیراج، قومی شاہراہ، روہڑی، ببرلو سے ہو کر شاہ حسین سے واپسی ہوئی۔

ہاکی فیڈریشن کے صدر طارق حسین بگٹی کے بڑے بھائی محمد شریف بگٹی انتقال کر گئے

نماز جنازہ آبائی علاقے بیکڑ ڈیرہ بگٹی میں (آج) ادا کی جائیگی، ہاکی لیجنڈز کا تعزیت کا اظہار

ملتان (این این آئی) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے چچازاد بھائی اور پاکستان ہاکی فیڈریشن کے صدر میر طارق حسین بگٹی کے بڑے بھائی، چیف آف بگٹی وڈیرہ محمد شریف بگٹی بقضائے الٰہی انتقال کر گئے۔ مرحوم کی عمر 80 برس تھی۔ وہ گزشتہ چند روز سے علیل تھے اور علاج کی غرض سے ملتان کے ایک نجی کارڈیالوجی ہسپتال میں زیر علاج تھے، جہاں وہ خالق حقیقی سے جا ملے۔ ان کی نماز جنازہ ان کے آبائی علاقے بیکڑ ڈیرہ بگٹی میں (آج) پیر کو 3 بجے سہ پہر ادا کی جائے گی۔ وڈیرہ محمد شریف بگٹی کے انتقال پر پاکستان ہاکی سے وابستہ شخصیات اور لیجنڈز نے گہرے رنج و غم کا اظہار کیا ہے۔

چمن میں موسم سرما کی پہلی برفباری، سردی کی شدت میں اضافہ ہو گیا

طویل عرصے بعد کوژک ٹاپ کی پہاڑی علاقوں میں موسم سرما کی پہلی برفباری ہوئی، روڈ کلیئرنس آپریشن جاری رہا

قومی شاہراہ پر ٹریفک رواں دواں ہے، اور تادم تحریر رابطہ سڑکیں اور قومی شاہراہیں ہر قسم کی آمد و رفت کیلئے بحال ہیں

چمن (خ ن) چمن میں موسم سرما کی پہلی برفباری اور بارش کے دوران ضلعی انتظامیہ چمن محکمہ پی ڈی ایم اے اور نیشنل ہائی وے اتھارٹی کا روڈ کلیئرنس آپریشن جاری رہا۔ کوژک ٹاپ پر موسم سرما کی پہلی برفباری کے بعد متعلقہ محکموں کی جانب سے روڈ کلیئرنس آپریشن جاری رہا۔ اور کوژک ٹاپ چمن کوئٹہ ہائی وے پر ٹریفک بغیر کسی رکاوٹ کے جاری وساری رہا۔ گزشتہ رات سے خوجک ٹاپ خواجہ عمران اور توبہ اچکزئی میں برف باری اور بارش کے دوران خوجک ٹاپ کے مقام پر قومی شاہراہ کو متعلقہ محکموں کے اہلکاروں نے بھی مشینری اور نمک پاشی کے ذریعے برف ہٹانے اور روڈ کلیئر کرنے میں کامیاب رہے۔ چمن سمیت شمالی بلوچستان میں طویل عرصے کے بعد چمن کے درہ کوژک ٹاپ کے پہاڑی علاقوں میں موسم سرما کی پہلی اور ہلکی برفباری ہوئی، جس کے بعد سردی کی شدت میں مزید اضافہ ہو گیا۔ قومی شاہراہ پر ٹریفک رواں دواں ہے اور تادم تحریر چمن کی تمام رابطہ سڑکیں اور قومی شاہراہیں ہر قسم کی آمد و رفت کیلئے بحال ہیں۔

اوستہ محمد، گیس کمپنی صارفین کو گیس کی فراہمی میں بری طرح ناکام

اوستہ محمد (نامہ نگار) اوستہ محمد شہر میں گیس کی شدید بحران سوئی سدرن گیس کمپنی صارفین کو گیس کی فراہمی میں بری طرح ناکام گیس کے پائپ لائن خستہ و بوسیدہ ہو چکے ہیں پائپ لائنوں میں گیس کے بجائے سیوریج کا گندا پانی نکل رہا ہے صارفین شدید ذہنی کوفت کا سامنا کر رہے ہیں حکام بالا اس جانب فوری نوٹس لیں۔ اوستہ محمد کے عوامی حلقوں نے شدید غم و غصے کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ دور جدید میں اوستہ محمد کے صارفین گیس کی سہولیات سے یکسر محروم ہیں سوئی سدرن گیس کمپنی کی مجرمانہ غفلت کی وجہ سے گیس کے مین پائپ لائن سمیت شہر کے تمام لائنیں خستہ اور بوسیدہ ہو چکے ہیں جس کی وجہ سے صارفین گیس کی سہولیات سے محروم صارفین مسلسل شکایات کر کر کے شکایت کے انبار لگا دیے لیکن کوئی شنوائی نہیں ہو رہی اوستہ محمد کے عوامی حلقوں نے الزام عائد کرتے ہوئے کہا کہ وفاقی ادارے بلوچستان میں بے لگام گھوڑے بن چکے ہیں سردی اور گرمی میں صارفین گیس کی نعمت سے محروم ہیں سوئی سدرن گیس کمپنی کے اعلیٰ افسران خواب خرگوش کے مزے لوٹ رہے ہیں

پیپلز پارٹی نے ہمیشہ پسے ہوئے طبقات کی آواز بلند کی ہے، احمد نواز کھوسہ

پارٹی چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کی قیادت میں ملک میں استحکام لانے کی صلاحیت رکھتی ہے

چھتر (یو این اے) پاکستان پیپلز پارٹی کے 58 ویں یوم تاسیس کے موقع پر گوٹھ احمد نواز کھوسہ میں شاندار اور پرجوش تقریب منعقد ہوئی، جس میں علاقے بھر سے پارٹی کارکنان، نوجوان، معززین علاقہ، سماجی رہنماؤں اور مختلف شعبہ جات سے تعلق رکھنے والے افراد نے بھرپور شرکت کی۔ تقریب کی صدارت پیپلز پارٹی کے رہنما میر احمد نواز خان کھوسہ اور پاکستان پیپلز پارٹی صحبت پور کے ضلعی صدر میر محمد یعقوب خان کھوسہ نے کی۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے رہنماؤں نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی نے گزشتہ 58 برسوں میں جمہوریت کی بحالی، عوامی حقوق کی حفاظت، مزدوروں، کسانوں، طلبہ اور پسے ہوئے طبقات کی آواز بلند کرنے میں تاریخی کردار ادا کیا ہے۔ رہنماؤں نے مزید کہا کہ شہید ذوالفقار علی بھٹو کی قیادت ہو یا شہید محترمہ بینظیر بھٹو کا دور، پارٹی نے ہمیشہ "روٹی، کپڑا اور مکان" کے منشور پر عمل کرتے ہوئے عوام کی خدمت کو اولین ترجیح دی۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کی قیادت میں پیپلز پارٹی ملک کو استحکام، خوشحالی، معاشی ترقی اور عوامی ریلیف دینے کی صلاحیت رکھتی ہے۔ تقریب کے دوران پارٹی پرچم لہرایا گیا اور کارکنان نے زوردار نعروں سے ماحول کو گرما دیا جبکہ پارٹی ترانوں نے جشن کو مزید پرجوش بنایا۔ علاقہ مکینوں نے پارٹی کی جدوجہد اور قربانیوں کو سراہا اور کہا کہ یہ دن پارٹی کے نظریاتی سفر، عوامی خدمت اور جمہوریت کے لیے دی گئی عظیم قربانیوں کی یاد دلاتا ہے۔ تقریب کے اختتام پر 58 ویں یوم تاسیس کا کیک کاٹا گیا اور پارٹی کی قوت، اتحاد اور ملک کی ترقی کے لیے خصوصی دعا کی گئی۔ شرکا نے اس عزم کا اظہار کیا کہ وہ پارٹی کے مشن کو گھر گھر پہنچانے، عوامی مسائل کے حل اور سیاسی استحکام کے لیے اپنا بھرپور کردار ادا کریں گے۔

ڈی آئی خان تا ژوب روٹ چیک پوسٹیں وبال جان بن گئیں، ٹرانسپورٹرز

مسافروں اور ڈرائیوروں کے ساتھ ہونے والی مبینہ ہراسانی و تذلیل کا نوٹس لیا جائے

ژوب (آن لائن) ٹرانسپورٹ یونین ضلع ژوب اور بلوچستان گڈز ٹرانسپورٹ یونین نے ڈیرہ اسماعیل خان تا ژوب روٹ پر واقع پولیس چیک پوسٹوں پر مسافروں اور ڈرائیوروں کے ساتھ ہونے والی مبینہ ہراسانی، تذلیل آمیز رویے اور ناجائز وصولیوں کے خلاف شدید احتجاج کرتے ہوئے ڈی آئی جی ڈیرہ اسماعیل خان سے فوری نوٹس لینے کی اپیل کی ہے۔ یونین کے مطابق مغل کوٹ، دراز ندہ، درابن میلہ اور دیگر چیک پوسٹوں پر پولیس اہلکار مسافر گاڑیوں خصوصاً لوڈنگ گاڑیوں کو غیر ضروری طور پر طویل وقت تک روکتے ہیں، ڈرائیوروں سے نامناسب گفتگو کرتے ہیں اور مبینہ طور پر بھتہ طلب کیا جاتا ہے۔ جس سے ٹرانسپورٹ برادری شدید پریشانی کا شکار ہے۔ یونین کے رہنماؤں نے کہا کہ غیر ضروری رکاوٹیں، ہراسانی اور مالی بوجھ نہ صرف ڈرائیوروں کے روزگار کو متاثر کر رہے ہیں بلکہ عام عوام کے لیے سفر بھی مشکل اور مہنگا بنتا جا رہا ہے۔ ٹرانسپورٹ یونین ژوب نے مطالبہ کیا ہے کہ متعلقہ چیک پوسٹوں پر اہلکاروں کے رویے کی انکوائری کی جائے، غیر قانونی بھتہ خوری کا خاتمہ کیا جائے، اور مسافروں و ڈرائیوروں کے احترام کو یقینی بنایا جائے۔ اس کے ساتھ ساتھ چیک پوسٹوں پر شکایتی رجسٹر یا ہیلپ لائن نمبر نمایاں طور پر آویزاں کرنے کی بھی ضرورت پر زور دیا گیا ہے تاکہ متاثرہ افراد اپنی شکایات براہ راست اعلیٰ حکام تک پہنچا سکیں۔

میڈیکل اسٹور مالکان لائسنس کی تجدید فوری طور پر کروائیں، ڈرگ انسپکٹر

خضدار (خ ن) ڈسٹرکٹ ڈرگ انسپکٹر عبدالرشید میڈیکل اسٹورز ایسوسی ایشن خضدار کے صدر ڈاکٹر محمد اسماعیل نائب صدر ڈاکٹر نثار احمد کے ہمراہ خضدار بازار کے میڈیکل اسٹوروں کی چیکنگ کی اس دوران میڈیکل اسٹور پر زائد المیعاد ادویات کو چیک کیا اسٹور لائسنس بھی چیک کیے چند میڈیکل اسٹور لائسنس کی معیاد ختم ہو چکی تھی جسے ڈسٹرکٹ ڈرگ انسپکٹر نے سختی سے ہدایت کی کہ وہ اپنے لائسنسوں کی جلد از جلد تجدید فوری طور پر کروائیں نہیں تو ان کے میڈیکل اسٹورز سیل کیے جائیں گے تمام میڈیکل اسٹور مالکان کو سختی سے نوٹس دیتے ہوا کہا کہ میڈیکل اسٹور مالکان اپنے میڈیکل لائسنس کی تجدید فوری طور پر کروائیں اگلی بار لائسنس منسوخ بھی کیا جا سکتا ہے

ڈیرہ مراد جمالی میں گیس ناپید، عوامی مسائل میں اضافہ

تنگ سڑکیں ٹوٹ پھوٹ کا شکار، شہری بنیادی سہولتوں سے محروم

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ مراد جمالی میں گیس ناپید سیوریج نالے ابل پڑے تنگ سڑکیں ٹوٹ پھوٹ کا شکار شہر کھنڈرات میں تبدیل پینے کے صاف پانی کی قلت اور بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ شہری بنیادی سہولتوں سے محروم ہو کر رہ گئے گیس کے بدترین بحران عوام تنگ آ کر نقل مکانی پر مجبور حکام اعلیٰ سے عوامی مسائل کو حل کرنے کی اپیل تفصیلات کے مطابق نصیر آباد کا ڈویژنل ہیڈ کوارٹرز ڈیرہ مراد جمالی اس وقت مسائلستان بن چکا ہے شہری اکیسویں صدی کے باوجود تمام بنیادی سہولتوں زندگی سے محروم ہیں ڈیرہ مراد جمالی میں گیس کا بدترین بحران ہے شرقی اور غربی کے تمام علاقے محلے گیس کی سہولت سے محروم ہیں گیس پریشر نہ ہونے کے برابر ہے سردی کی آمد کے ساتھ گیس بھی غائب ہے گیس نہ ہونے کی وجہ سے خواتین کو امور خانہ داری میں سخت مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے لوگ مجبوراً لکڑی اپلے جن اور گوبر استعمال کرنے پر مجبور ہیں ڈیرہ مراد جمالی میں روزانہ بجلی کی بھی طویل بندش اور غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ سے شہری اذیت ناک صورتحال سے دوچار ہیں جس سے کاروبار زندگی ٹھپ ہو کر رہ گئی ہے ڈیرہ مراد جمالی کی کثیر آبادی اس وقت پینے کے صاف پانی سے بھی محروم ہے

تمام منصوبوں کو معیار کے مطابق بروقت مکمل کیا جائے، رازق خان مری

سبی میں پی ایس ڈی پی کے تحت جاری ترقیاتی منصوبوں کے معیار پر سمجھوتہ نہیں کیا جا سکتا

سبی (اے این این) ایکسین اربن پلاننگ اینڈ ڈیولپمنٹ ڈیپارٹمنٹ سبی ڈویژن رازق خان مری نے کہا ہے کہ سبی میں بلوچستان اسپیشل ڈیولپمنٹ کے تحت جاری ترقیاتی منصوبوں کے معیار اور مدت پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جا سکتا جو منصوبے نامکمل ہیں ان کو جلد از جلد مکمل کیا جائے تمام آفیسران و انجینئرز کی ذمہ داریاں ہیں کہ وہ ترقیاتی منصوبے کے معیار اور کوالٹی کی مانیٹرنگ ضرور کریں ان خیالات کا اظہار انہوں نے سبی ولہڑی میں جاری ترقیاتی منصوبوں کا جائزہ لینے کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کیا اس موقع پر ڈی او کو بلوز احمد مری، ایس ڈی او سی محمد حنیف، انجینئر میر رب نواز دہپال، سمیت دیگر ملازمین بھی موجود تھے قبل ازیں سبی لہڑی میں بلوچستان اسپیشل ڈیولپمنٹ کے تحت محکمہ اربن پلاننگ اینڈ ڈیولپمنٹ ڈیپارٹمنٹ کی نگرانی میں جاری ترقیاتی منصوبوں کے بارے میں ایس ڈی او کو بلوز احمد مری، ایس ڈی او سی محمد حنیف، انجینئر میر رب نواز دہپال نے تفصیلی آگاہی فراہم کرتے ہوئے ترقیاتی منصوبوں کی جلد از جلد تکمیل کی یقین دہانی بھی کرائی گفتگو کرتے ہوئے ایکسین اربن پلاننگ اینڈ ڈیولپمنٹ ڈیپارٹمنٹ سبی ڈویژن رازق خان مری نے کہا کہ عوام کے معیار زندگی کو بہتر بنانے میں ترقیاتی منصوبے اہمیت کے حامل ہوتے ہیں جن کی بروقت تکمیل ہمارا وقت بھی بچ جاتا ہے انہوں نے کہا کہ تمام منصوبوں کو ان کے معیار کے مطابق بروقت مکمل کیا جائے انہوں نے کہا کہ آفیسران کی ذمہ داری بنتی ہے کہ وہ مانیٹرنگ کو یقینی بنائیں تاکہ ترقیاتی منصوبوں کے معیار کو چیک بھی کیا جا سکے ہماری ذمہ داری ہے کہ اپنے فرائض کو ایمانداری کے ساتھ سرانجام دے کر عوام کو ریلیف کی فراہمی یقینی بنائیں

قلعہ عبداللہ، سردار جیلانی خان ظہیرزئی سردار جمعہ خان بادیزئی حاجی علی شاہ بادیزئی کی وفات پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

سیاسی مسائل گفت و شنید کے ذریعے حل ہوں گے، بلوچستان نیشنل پارٹی

بارڈرز کو سیل کر کے بلوچستان کی عوام کا معاشی قتل کیا گیا، سائل و وسائل سے ہرگز دستبردار نہیں ہوں گے

انسانی حقوق کی پامالی ہو رہی ہے، ہمیشہ جمہوری انداز میں عوامی حقوق کے لیے جدوجہد کی ہے، رؤف مینگل

استا محمد (نامہ نگار) بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما سابق رکن قومی اسمبلی میر عبدالرؤف مینگل نے کہا ہے کہ فارم 47 کے حکمرانوں سے خیر کی توقع ہرگز نہیں رکھتے جعل سازی کے ذریعے حکمرانی کرنے والوں نے بلوچستان کی سرزمین عوام کے لیے تنگ کر دی ہے انسانی حقوق کی پامالی سرعام ہو رہی ہے بلوچستان نیشنل پارٹی نے ہمیشہ جمہوری انداز میں عوامی حقوق کے لیے جدوجہد کی ہے ساحل وسائل سے ہرگز دستبردار نہیں ہوں گے سیاسی مسائل گفت و شنید کے ذریعے حل ہوں گے طاقت سے ہرگز مسائل حل نہیں ہوں گے حکمرانوں کو اپنی روش تبدیل کرنی ہوگی ان خیالات کا اظہار میر عبدالرؤف مینگل نے مشرق سے بات چیت کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ بلوچستان نیشنل پارٹی بلوچ مظلوم عوام کی حقیقی سیاسی جماعت ہے بلوچستان نیشنل پارٹی نے ہمیشہ جمہوری انداز میں قومی حقوق کے اصول کے لیے پرامن جدوجہد کی ہے بلوچستان نیشنل پارٹی بلوچ مظلوم عوام کی دلوں کی دھڑکن بن چکی ہے بلوچستان نیشنل پارٹی اپنے اصولی موقف سے ہرگز دستبردار نہیں ہوگی انہوں نے کہا کہ حقوق کی آواز بلند کرنے والوں کو بزور طاقت خاموش کیا جاتا ہے۔ میر عبدالرؤف مینگل نے کہا کہ سوچے سمجھے سازش کے تحت بلوچستان کے لوگوں اور نوجوانوں کو بے روزگار کیا جا رہا ہے تمام بارڈرز کو سیل کر کے بلوچستان کی عوام کا معاشی قتل کیا گیا جبکہ پڑھے لکھے نوجوان روزگار کی تلاش میں سرگرداں ہیں اور بلوچستان میں روزگار کے مواقع تک میسر نہیں انہوں نے کہا کہ حکمرانوں کو اپنی روش تبدیل کرنی ہوگی طاقت سے مسائل ہرگز حل نہیں ہوں گے بلوچستان کا مسئلہ سیاسی ہے سیاسی مسائل گفت و شنید کے ذریعے حل کیے جا سکتے ہیں

گنداخہ تا امام بخش جمالی تا شہدادکوٹ روڈ کی خستہ حالی پر اظہار تشویش

سڑک پر جگہ جگہ گڑھے، ٹوٹی ہوئی پٹڑیاں اور ناقص تعمیر عوام کے لیے خطرہ ہیں

گنداخہ (یو این اے) چیئرمین حقوق تحریک گنداخہ میر فہیم خان رند نے گنداخہ تا امام بخش جمالی تا شہدادکوٹ روڈ کی خستہ حالی پر شدید تشویش کا اظہار کیا ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ سڑک کی ناقص حالت کے باعث روزانہ کی بنیاد پر ٹریفک حادثات پیش آ رہے ہیں اور عوام شدید مشکلات کا شکار ہیں۔ میر فہیم خان رند کے مطابق سڑک پر جگہ جگہ گڑھے، ٹوٹی ہوئی پٹڑیاں اور ناقص تعمیر عوام کے لیے شدید خطرہ ہیں۔ اسکول و کالج کے طلبہ، مریض، بزرگ، خواتین اور روزگار کے سلسلے میں سفر کرنے والے افراد روزانہ مشکلات کا سامنا کر رہے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ ایمبولینس اور دیگر ہنگامی گاڑیوں کو آمد و رفت میں شدید پریشانی کا سامنا ہے، جس کے باعث قیمتی انسانی جانیں بھی خطرے میں پڑ رہی ہیں۔ چیئرمین حقوق تحریک نے افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اس اہم شاہراہ کی تعمیر و مرمت کے لیے گزشتہ کئی سالوں میں متعدد بار بجٹ مختص کیا گیا، مگر مبینہ کرپشن کے سبب زمینی حقائق میں کوئی بہتری نظر نہیں آ رہی۔ انہوں نے کہا کہ عوام کے ٹیکس کے پیسے ضائع کر کے انہیں بنیادی سہولت سے محروم رکھا جا رہا ہے، جو کہ سراسر ناانصافی ہے۔ میر فہیم خان رند نے صدر مملکت پاکستان آصف علی زرداری، وزیراعظم پاکستان اور وزیراعلیٰ سندھ سے پرزور مطالبہ کیا کہ وہ اس سنگین عوامی مسئلے کا فوری نوٹس لیں، ذمہ داران کے خلاف کارروائی عمل میں لائی جائے اور گنداخہ، امام بخش جمالی تا شہدادکوٹ روڈ کی معیاری بنیادوں پر فوری تعمیر و بحالی کا آغاز کروایا جائے۔ انہوں نے خبردار کیا کہ اگر جلد از جلد سڑک کی تعمیر کا کام شروع نہ کیا گیا تو عوام میں بے چینی مزید بڑھ سکتی ہے اور اس سے نہ صرف عوام کی مشکلات میں اضافہ ہوگا بلکہ انسانی جانوں کے لیے بھی خطرہ قائم رہے گا۔

بھاگ شہر میں پانی کا بحران، تالاب خشک، تین واٹر سپلائی اسکیموں سے فراہمی آب مکمل بند

افسران گھروں میں بیٹھ گئے، شہری و دیہی علاقوں میں کربلا کا منظر، پانی نہ ملا تو احتجاج کریں گے

عوام شدید سردی میں بھی پانی کی ایک ایک بوند کے لیے دربدر کی ٹھوکریں کھانے پر مجبور ہیں، شہری

بھاگ (یو این اے) بھاگ شہر اور گرد و نواح میں پانی کا بحران شدت اختیار کر گیا ہے، تالاب مکمل طور پر خشک ہو چکے ہیں جبکہ اربوں روپے کی خطیر لاگت سے تعمیر کی گئی تینوں واٹر سپلائی اسکیموں سے پانی کی فراہمی مکمل طور پر بند ہے۔ شہری اور دیہی علاقوں میں صورتحال انتہائی سنگین ہو چکی ہے اور عوام شدید سردی میں بھی پانی کی ایک ایک بوند کے لیے دربدر کی ٹھوکریں کھانے پر مجبور ہیں۔ عوامی حلقوں کے مطابق ڈیرہ مراد سپلائی شوران اور سنی کے لیے قائم کی گئی تینوں واٹر سپلائی اسکیمیں شو پیس بن چکی ہیں اور محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ کے افسران کے لیے سونے کی چڑیا ثابت ہو رہی ہیں۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ پانی بنیادی ضرورت ہے مگر دور حاضر میں بھی بھاگ کے شہری و دیہی علاقوں کے مکین پینے کے صاف پانی سے محروم ہیں۔ شدید سردی کے باوجود خواتین، بچے اور بزرگ ہاتھوں میں بالٹیاں، کین اور بوتلیں لیے ندی نالوں کے گندے پانی پر مجبور ہیں جس کے باعث مختلف بیماریاں تیزی سے پھیل رہی ہیں۔ عوام کا کہنا ہے کہ صوبائی حکومت ہر سال محکمہ پی ایچ ای کو کروڑوں روپے فراہم کرتی ہے مگر متعلقہ افسران دفاتر کے بجائے گھروں میں بیٹھ کر واٹس ایپ کے ذریعے دفتری امور چلا رہے ہیں۔ عوامی حلقوں نے الزام عائد کیا ہے کہ دفتری اوقات میں ماتحت عملہ شہریوں کو یہ کہہ کر ٹرخا دیتا ہے کہ افسران وزٹ پر ہیں، حالانکہ افسران گھروں میں بیٹھے ہوتے ہیں اور عوام کو بے یار و مددگار چھوڑ دیا گیا ہے۔ تحصیل بھاگ کے عوامی حلقوں نے ڈپٹی کمشنر کچھی جمع داد خان مندوخیل اور اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ محکمہ پی ایچ ای کے نااہل افسران کے خلاف فوری نوٹس لے کر بھاگ شہر اور دیہی علاقوں میں صاف پانی کی فراہمی یقینی بنائی جائے، بصورت دیگر عوام احتجاج کا راستہ اختیار کرنے پر مجبور ہوں گے جس کی تمام تر ذمہ داری متعلقہ اداروں پر عائد ہوگی

کرسی اور اقتدار کی سیاست ہمارا مقصد نہیں، فرید افغان

کوئٹہ بلدیاتی انتخابات میں کامیاب ہو کر خدمت کا تسلسل برقرار رکھیں گے

سبی (اے این این) پاکستان مسلم لیگ ن کے مرکزی سینئر رہنما سابق صوبائی سیکرٹری اطلاعات معروف قانون دان ایڈووکیٹ فرید افغان نے کہا ہے کہ کرسی اور اقتدار کی سیاست ہمارا مقصد نہیں بلکہ عوام کی بلا رنگ و نسل قوم قبیلے خدمت ہے بلوچستان کی ترقی اور عوام کے معیار زندگی کو بہتر سے بہتر بنانے سمیت تعلیم روزگار کے مواقع سمیت دیگر سہولیات کی فراہمی میں مسلم لیگ ن کی کاوشیں کسی سے پوشیدہ نہیں کوئٹہ میں ہونے والے بلدیاتی انتخابات میں عوام کی حمایت سے کامیاب ہو کر خدمت کا تسلسل برقرار رکھیں گے مسلم لیگ ن مرکزی صدر میاں محمد نواز شریف وزیراعظم میاں محمد شہباز شریف کی قیادت میں بلدیاتی انتخابات میں بھرپور انداز سے حصہ لے کر سرخرو ہوں گے ان خیالات کا اظہار انہوں نے پاکستان مسلم لیگ ن کے کارکنان سے بات چیت کرتے ہوئے کیا اس موقع پر پاکستان مسلم لیگ ن لیبر ونگ کے صوبائی صدر منیر احمد مسوری بگٹی، میر ظہور احمد کھوسہ بھی موجود تھے مسلم لیگ ن کے کارکنان نے بلدیاتی انتخابات کی تیاریوں کے حوالے سے تفصیلی آگاہی بھی فراہم کی مسلم لیگ ن کے مرکزی رہنما ایڈووکیٹ فرید افغان نے بات کرتے ہوئے کہا کہ مسلم لیگ ن کوئٹہ سمیت بلوچستان بھر کی عوام کو مسائل سے نجات دلانے کی صلاحیت رکھتی ہے بلوچستان بھر میں پارٹی کی مقبولیت میں دن بدن اضافہ ہو رہا ہے کئی سیاسی پارٹیوں سے مستعفی ہو کر پارٹی کے پلیٹ فارم پر متحد ہو رہے ہیں جو عوام کا اعتماد کا واضح ثبوت بھی ہے انہوں نے کہا کہ دلوں کے وزیراعظم مسلم لیگ ن کے مرکزی صدر میاں محمد نواز شریف وزیراعظم پاکستان میاں محمد شہباز شریف سمیت صوبائی و مرکزی قائدین کی دلولہ انگیز قیادت میں بلوچستان کی ترقی عوام کی خوشحالی میں ہمیشہ ہم نے اول دستے کا کردار ادا کیا مسلم لیگ ن اپنی کارکردگی سے بلدیاتی انتخابات میں کلین سوئپ کرے گی تمام نامزد امیدوار پارٹی کا پیغام ہر شخص کو دیں اور پارٹی کی کارکردگی کو بہتر بنانے میں اپنے اپنے علاقوں میں بھرپور عوام خدمت کا تسلسل برقرار رکھیں کامیاب ہو کر سابق روایات کے مطابق عوام کی خدمت کو برقرار رکھیں گے انہوں نے کہا کہ ہم نے کبھی عوام کے دلوں سے نہیں کھیلا اور نہ ہی سبز باغ دکھائے اور نہ ہی نوکریاں فروخت کی بلکہ اپنے وعدے پر مکمل عمل درآمد کرتے ہوئے عوام مسائل کو حل کر کے عوام کے معیار زندگی کا بہتر بنانے میں بھرپور جدوجہد کو اپنا مقصد بنایا۔

جعفرآباد ضلعی انتظامیہ نے پاپولیشن ڈیپارٹمنٹ کے امور کا جائزہ لیا

مختلف سیکشنز کا معائنہ کیا گیا، مفاد عامہ میں جاری اقدامات کا جائزہ لیا گیا

جعفرآباد (خ ن) کمشنر نصیرآباد ڈویژن صلاح الدین نورزئی کے خصوصی احکامات کی روشنی میں ڈپٹی کمشنر کی ہدایت پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جعفرآباد حضور بخش بگٹی نے ضلع جعفرآباد میں پاپولیشن ڈیپارٹمنٹ کے سرکاری امور کا جائزہ لینے کے لیے اچانک دورہ کیا۔ دورے کے موقع پر ڈسٹرکٹ پاپولیشن آفیسر حبیب اللہ جوگیزئی سمیت متعلقہ اسٹاف موجود تھا۔ اے ڈی سی جعفرآباد نے مختلف سیکشنز کا معائنہ کرتے ہوئے مفاد عامہ میں جاری اقدامات کا جائزہ لیا اور عملے سے ان کی کارکردگی، عوام کو دی جانے والی سہولیات اور درپیش مسائل کے حوالے سے تفصیلات حاصل کیں۔ ڈسٹرکٹ پاپولیشن آفیسر حبیب اللہ جوگیزئی نے انہیں تمام جاری سرگرمیوں، عوامی سہولیات کی فراہمی کے نظام اور سینٹرز کو درپیش مشکلات کے متعلق تفصیلی بریفنگ دی۔ انہوں نے بتایا کہ متعدد مراکز میں سہولیات کی کمی اور تکنیکی مسائل فوری حل طلب ہیں، جن کے حل سے نہ صرف عملے کی کارکردگی میں بہتری آئے گی بلکہ عوام کو مزید مؤثر اور معیاری خدمات بھی فراہم کی جا سکیں گی۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر حضور بخش بگٹی نے کہا کہ کمشنر نصیرآباد ڈویژن کے احکامات کی روشنی میں پاپولیشن آفس اور سینٹرز کا دورہ اس لیے کیا گیا ہے کہ جاری اقدامات کا زمینی جائزہ لیا جا سکے اور عوامی فلاح کے کاموں میں موجود رکاوٹوں سے بروقت آگاہی ہو۔ انہوں نے پاپولیشن اسٹاف اور افسران کی حاضری اور کارکردگی کو قابل اطمینان قرار دیتے ہوئے کہا کہ سرکاری ذمہ داریوں کی انجام دہی میں مزید بہتری لانے کی ضرورت ہے تاکہ عوامی مسائل میں واضح کمی ممکن ہو سکے۔ انہوں نے یقین دلایا کہ جن مسائل اور سہولیات کی عدم فراہمی سے متعلق آگاہ کیا گیا ہے، انہیں تحریری طور پر حکام بالا تک جلد پہنچایا جائے گا تاکہ پاپولیشن آفس اور سینٹرز کو درپیش تمام مشکلات کا مناسب حل نکالا جا سکے اور عوام کو بغیر تعطل کے سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جا سکے۔

بقیہ 1 — آئل ٹینکر تصادم

کا تعلق افغانستان سے تھا۔ بعد ازاں زخمیوں اور جاں بحق افراد کو بارڈر کے راستے افغانستان منتقل کر دیا گیا، جس کی تصدیق ایس پی چاغی نے بھی کی ہے۔ پولیس کے مطابق پک اپ گاڑی کے ڈرائیور کا تعلق تفتان سے تھا، جس کی میت کو ضروری کارروائی کے بعد تفتان روانہ کر دیا گیا ہے۔ حادثے کی وجوہات جاننے کے لیے مزید تحقیقات جاری ہیں۔ دریں اثنا ضلع واشک کی سب تحصیل ناگ کے علاقے میں ایک افسوسناک روڈ حادثہ پیش آیا جہاں کراچی سے پنجگور جانے والی الواردہ کوچ بس الٹ گئی۔ حادثے کے نتیجے میں بس ڈرائیور موقع پر ہی جان کی بازی ہار گیا جبکہ تین مسافر شدید زخمی ہو گئے۔ ریسکیو 1122 ذرائع کے مطابق حادثے کی اطلاع ملتے ہی امدادی ٹیمیں فوری طور پر جائے وقوعہ پر پہنچ گئیں اور زخمی مسافروں کو ابتدائی طبی امداد فراہم کرنے کے بعد سول ہسپتال بسیمہ منتقل کر دیا گیا۔ جاں بحق ڈرائیور کی لاش بھی ہسپتال پہنچا دی گئی ہے۔ ریسکیو ذرائع کا کہنا ہے کہ جاں بحق ہونے والے ڈرائیور کا تعلق مستونگ سے ہے جبکہ زخمی مسافروں کا تعلق کراچی سے بتایا جا رہا ہے۔ حادثے کی ممکنہ وجہ تیز رفتاری یا سڑک کی خراب حالت قرار دی جا رہی ہے تاہم واقعے کی مزید تحقیقات جاری ہیں۔ حادثے کے بعد علاقے میں افسوس اور غم کی فضا قائم ہو گئی، جبکہ مسافروں اور شہریوں نے شاہراہوں کی حالت بہتر بنانے اور ٹریفک قوانین پر سختی سے عملدرآمد کا ...

افغانستان سے دراندازی کی کوشش ناکام، ایرانی فورسز کی فائرنگ 40 ہلاک

15 افغان باشندوں کی لاشیں کوہسان اور سلسن اضلاع منتقل کی گئیں، متعدد افغان مہاجرین لاپتہ ہیں

افغان باشندے اسلام قلعہ کے راستے سے شہر میں داخل ہونے کی کوشش کر رہے تھے، کمانڈر ایرانی فورسز

مرکزی انجمن تاجران کے صدر عبدالرحیم کاکڑ، حضرت علی اچکزئی، میر یاسین مینگل و دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

علی مدد جتک کی کاوشوں سے پی بی 45 میں صفائی مہم کا باقاعدہ آغاز

بنیادی سہولیات کی فراہمی پاکستان پیپلز پارٹی کی اولین ترجیح ہے، رکن صوبائی اسمبلی

بقیہ 17 صفحہ نمبر 7 پر

کسی مسافر کو بلاجواز سفر سے نہیں روکا جائے گا، محسن نقوی

پاکستان کی بدنامی کا باعث بننے والوں کی جگہ جیل ہے، وفاقی وزیر داخلہ

بقیہ 18 صفحہ نمبر 7 پر

بلدیاتی ادارے عوامی مسائل کے حل کی بنیاد ہیں، جمال شاہ کاکڑ

مسلم لیگ (ن) عوامی خدمت کے ایجنڈے کے تحت بلدیاتی انتخابات میں بھرپور حصہ لے گی

قیادت کی ہدایت کے مطابق ٹکٹ ہولڈرز کو تنہا نہیں چھوڑیں گے، بلدیاتی کمیٹی کے اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے صوبائی جنرل سیکرٹری اور رکن قومی اسمبلی جمال شاہ کاکڑ نے کہا ہے کہ بلدیاتی ادارے عوامی مسائل کے حل کی بنیاد ہوتے ہیں اور ... مسلم لیگ (ن) عوامی خدمت کے ایجنڈے کے تحت بلدیاتی انتخابات میں بھرپور انداز میں حصہ لے گی مسلم لیگ (ن) کا انتخابی نشان شیر عوام کی امیدوں ا...... بقیہ 19 صفحہ نمبر 7 پر

5 بڑے کاروباری گروپس کا بلوچستان میں اربوں ڈالر سرمایہ کاری کا اعلان

سرمایہ کاری کرنے والوں میں لیک سٹی ہولڈنگز، فاطمہ گروپ، دین گروپ، ہلٹن گروپ اور سورتی گروپ شامل ہیں

معدنی شعبے میں سرمایہ کاری سے معیشت مستحکم، صنعتی ترقی کو فروغ ملے گا، مقامی افراد کا معیار زندگی بلند ہوگا، ماہرین

بقیہ 20 صفحہ نمبر 7 پر

جے ڈبلیو پی کے مرکزی رہنما نوابزادہ گہرام بگٹی یوسی 20 وارڈ 3 کی کارنر میٹنگ سے خطاب کر رہے ہیں

... کے مطابق گزشتہ روز ایس ایس پی ... کی خصوصی ہدایت پر ڈی ایس پی محمد رفیق مینگل، ایس ایچ او منیر عالم کی خصوصی ہدایت پر نصیر آباد میں کارروائی کی جہاں پر دو نامعلوم راہزنوں اور پولیس کے درمیان فائرنگ کا تبادلہ ہوا جس کے بعد پولیس نے وسیم اور احمد کو گرفتار کرکے ان کے قبضے سے پسٹل بمعہ راؤنڈ اور موٹر سائیکل برآمد کرکے ان کے خلاف کارروائی شروع کردی۔

پی ٹی آئی کا یوسی 12 حلقہ 1 سے آزاد امیدوار باچا خان کی حمایت کا اعلان

... بلوچستان کی سینئر قیادت نے یوسی 12 حلقہ 1 سے بلدیاتی انتخابات کے آزاد امیدوار باچا خان کی حمایت کا اعلان کردیا چونکہ اس حلقہ سے پاکستان تحریک انصاف وتحریک تحفظ آئین پاکستان کا کوئی امیدوار نہیں ہے جس کی بنیاد پر آزاد امیدوار کی حمایت کا فیصلہ کیا گیا بعد از کامیابی امیدوار انشاء اللہ پاکستان تحریک انصاف کا حصہ بنیں گے۔ منور منیر نے پی ٹی آئی کے کارکنوں سے اپیل کی کہ 28 دسمبر کے بلدیاتی انتخابات میں یوسی 12 حلقہ ون سے امیدوار باچا خان کو ووٹ دیکر کامیاب بنائیں۔

قلات میں کارروائی، حشیش وشراب کی سینکڑوں بوتلیں برآمد، ملزمان گرفتار

قلات (آن لائن) قلات میں پولیس وسی آئی اے کی جانب اہم کارروائی، تین مختلف کارروائیوں میں حشیش اور شراب کی سینکڑوں بوتلیں برآمد، تین ملزمان گرفتار، تفصیلات کے مطابق ڈی ایس پی قلات ماہیوال خان، ایس ایچ او سٹی عبدالمجید ریکسانی، سی آئی اے انچارج شمس الرحمان جمالی، ایڈیشنل ایس ایچ او وقاص احمد شاہوانی نے ہیڈ محرر عبدالغفور، علی نواز محمد حسنی کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے مسروقہ برآمد شدہ حشیش وشراب کی بوتلیں اور گرفتار ملزمان کو میڈیا کے سامنے پیش کرکے تفصیلات بتاتے ہوئے کیا

سبی، نامعلوم افراد کی فائرنگ سے 1 شخص جاں بحق، 1 زخمی

مقتول عبداللہ مری تبلیغی اجتماع میں شرکت کے بعد واپس اپنے گھر جا رہے تھے، پولیس

سبی (نامہ نگار) سبی کے قریب کڑک روڈ پر نامعلوم افراد کی فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق جبکہ دوسرا معمولی زخمی ہوگیا حملہ آور واردات کے بعد فرار ہونے میں کامیاب ہوگئے پولیس کے مطابق مقتول عبداللہ مری اتوار کے روز کڑک روڈ پر منعقدہ تین روزہ تبلیغی اجتماع میں شرکت کے بعد اپنے گھر جا رہے تھے کہ نامعلوم افراد نے ان پر فائرنگ ...... بقیہ 41 صفحہ نمبر 7 پر

وقت کا تقاضا ہے ہم شہید وطن کے اصولی راستے پر چلیں، گہرام بگٹی

شہید نواب اکبر خان بگٹی نے کبھی اصولوں پر سودے بازی نہیں کی، مرکزی رہنما جے ڈبلیو پی

کوئٹہ (آن لائن) جمہوری وطن پارٹی کے مرکزی رہنما نوابزادہ گہرام بگٹی نے یونین کونسل 20، وارڈ نمبر 3، سریاب ٹاؤن کوئٹہ میں پارٹی کے نامزد امیدوار شبیر احمد بگٹی کی حمایت میں منعقدہ کارنر میٹنگ سے خطاب کیا۔ یہ میٹنگ شہید وطن نواب اکبر خان بگٹی...... بقیہ 42 صفحہ نمبر 7 پر

مسائل کے حل کیلئے عملی اقدامات اٹھا رہے ہیں، صوبائی وزیر ریونیو

افسران شکایات کا فوری ازالہ اور سائلین کے ساتھ خوش اخلاقی سے پیش آئیں، عاصم کرد گیلو کی ہدایت

کوئٹہ (اے این این) وزیر ریونیو بلوچستان میر عاصم کرد گیلو نے کہا ہے کہ صوبے میں شفاف ریونیو نظام اور عوامی سہولیات کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیح ہے زمینوں کے ریکارڈ کی کمپیوٹرائزیشن، فرد کے اجراء میں آسانی اور ریونیو سے متعلق مسائل کے فوری حل کیلئے عملی اقدامات کیے جا رہے ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے مختلف وفود سے ملاقات کے...... بقیہ 44 صفحہ نمبر 7 پر

بی اے پی رہنماؤں کا وزیراعلیٰ بلوچستان سے چچازاد کے انتقال پر اظہار افسوس

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی وصوبائی رہنماؤں نے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے چچازاد وزیر محمد شریف بگٹی کے انتقال پر تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے گہرے دکھ اور افسوس اظہار کیا بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی صدر وفاقی وزیر نوابزادہ خالد خان مگسی، چیف آرگنائزر وسابق اسپیکر بلوچستان اسمبلی جان محمد جمالی، سیکرٹری جنرل سینیٹر منظور احمد کاکڑ، سابق چیئرمین سینیٹ میر صادق سنجرانی، مرکزی سیکرٹری اطلاعات وسابق وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو، رکن بلوچستان اسمبلی آغا عمر احمدزئی، صوبائی صدر وسابق صوبائی وزیر ...... بقیہ 43 صفحہ نمبر 7 پر

تحریک تحفظ آئین پاکستان کے سربراہ محمود خان اچکزئی، سہیل آفریدی، میر سرفراز گوہر و دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

سبی، کلمہ چوک پر پنکچر کی دکان میں دھماکہ، 4 افراد زخمی

دھماکہ دکان میں موجود ہوا بھرنے والی مشین کے پھٹنے سے ہوا، زخمی ہسپتال منتقل

سبی (سلیم گشکوری سے) کلمہ چوک پر پنکچر کی دکان میں دھماکہ، 4 افراد زخمی، زخمیوں کو سول ہسپتال منتقل کردیا گیا، جہاں انہیں طبی امداد فراہم کی گئی تفصیلات کے مطابق سبی کے علاقے ریڈیلی روڈ کلمہ چوک پر واقع ایک پنکچر کی دکان میں ہوا بھرنے والی مشین پھٹنے سے زوردار دھماکہ ہوا، جس کے نتیجے میں ایک بچے سمیت چار افراد زخمی ہوگئے۔ زخمیوں کو فور...... بقیہ 21 صفحہ نمبر 7 پر

ماما قدیر بلوچ نے پرامن جدوجہد کو عالمی سطح پر متعارف کرایا، نیشنل پارٹی

مرحوم نے مظلوم خاندانوں کی آواز اقتدار کے ایوانوں تک پہنچائی، ترجمان

کوئٹہ (آن لائن) نیشنل پارٹی کے مرکزی ترجمان نے جاری بیان میں کہا کہ ماما قدیر بلوچ نے جبری گمشدگیوں کے خلاف پرامن جدوجہد کو عالمی سطح پر متعارف کرایا اور لاپتہ افراد کی بازیابی کیلئے دنیا کا طویل ترین لانگ مارچ کرکے مظلوم خاندانوں کی آواز ایوان...... بقیہ 22 صفحہ نمبر 7 پر

اوستہ محمد، پیٹرول پمپ پر دستی بم حملہ، کوئی جانی نقصان نہیں ہوا

نامعلوم موٹر سائیکل سوار دستی بم پھینک کر فرار ہونے میں کامیاب ہوگئے

اوستہ محمد (آن لائن) جیلانی ٹاؤن کے قریب پیٹرول پمپ پر دستی بم حملہ، خوش قسمتی سے کوئی جانی نقصان نہیں ہوا تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز شام کے وقت اوستہ محمد کے علاقے جیلانی ٹاؤن میں نامعلوم افراد کی جانب سے پیٹرول پمپ پر ہینڈ گرنیڈ سے حملہ کیا گیا، تاہم دھماکے کے نتیجے میں کسی قسم کا جانی نقصان نہیں ہوا۔ واقعہ سٹی پولیس تھانہ کی ...... بقیہ 23 صفحہ نمبر 7 پر

ایم پی اے علی مدد جتک اور صفا کوئٹہ کی کاوشوں سے سریاب کے مختلف علاقوں سے کچرا اٹھایا جا رہا ہے

سبی اجتماع سے واپس جانے والا قافلہ ڈاکوؤں کے ہاتھوں لٹ گیا

اوستہ محمد (آن لائن) نصیر آباد میں چوروں نے سبی اجتماع میں شرکت کے بعد واپس آنے والے تبلیغی قافلے کو لوٹ لیا تفصیلات کے مطابق نصیر آباد کے علاقے پولیس تھانہ نوتال کی حدود میں مسلح ڈاکوؤں نے اجتماع سے واپس جانے والے تبلیغی جماعت کو لوٹ لیا ذرائع کے مطابق واقعہ کے خلاف مشتعل افراد نے نوتال کے مقام پر نیشنل ہائی وے بلاک کردی۔ نیشنل ہائی وے N.65 بند ہونے کی وجہ سے دونوں اطراف سے گاڑیوں کی لمبی لمبی قطاریں لگ گئی۔ مظاہرین کا کہنا ہے کہ نصیر آباد پولیس انتظامیہ امن وامان قائم رکھنے میں بری طرح ناکام ہوچکی ہے مسلح ڈاکو آئے روز مسافروں کو لوٹ کر باآسانی فرار ہو جاتے ہیں۔ نصیر آباد پولیس انتظامیہ ڈاکوؤں کے خلاف کارروائی کرنے سے گریزاں ہے اور حکومت بلوچستان کے دعوے دھرے کے دھرے ہیں کیا ہو رہا ہے کیا ہوگا

ترکی میں تیار ہونیوالا جدید ٹیکنالوجی سے آراستہ جہاز پاک بحریہ کے حوالے

پاک ترک بحری افواج کے دوطرفہ روابط وفاقی اشتراک کار کو مضبوط بنانے میں کلیدی کردار ادا کرتے ہیں، نیول چیف

جدید ہتھیاروں اور سینسرز سے آراستہ بحری جہاز کمانڈ اینڈ کنٹرول سسٹم کے حامل ہیں، ترک صدر کا تقریب سے خطاب

استنبول (م ڈ) پاک ترک برادرانہ تعلقات قابل تقلید، دفاعی پیداوار کے حوالے سے دونوں ممالک کے اشتراک کار کو مزید فروغ دینے کی ضرورت ہے رجب طیب اردگان پاک ترک بحری افواج کے دوطرفہ روابط وفاقی اشتراک کار کو مربوط اور مضبوط بنانے میں کلیدی کردار ادا کرتے ہیں، یہ تعاون دونوں ممالک کی گہری شراکت داری کا مظہر ہے، نیول چیف ایڈمرل نوید اشرف پاک بحریہ کے دوسرے بابر کلاس جہاز پی این ایس خیبر کی کمشننگ تقریب استنبول نیول شپ یارڈ میں منعقد ہوئی۔ جس میں ترک صدر رجب طیب اردگان مہمان خصوصی کے...... بقیہ 24 صفحہ نمبر 7 پر

اجلاس کے دوران تلخ کلامی قابل تشویش ہے، ظہور بلیدی

پیپلز پارٹی امید رکھتی کہ وفاقی وزیر، پلوشہ خان سے معذرت کریں گے، پارٹی رہنما

کوئٹہ (یو این اے) پاکستان پیپلز پارٹی کے صوبائی وزیر پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ میر ظہور بلیدی نے سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے مواصلات کے اجلاس کے دوران ہونے والی تلخ کلامی پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے اسے جمہوری روایات اور اقدار کے منافی قرار دیا ہے۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس (سابقہ ٹوئٹر) پر جاری اپنے بیان میں میر ظہور بلیدی...... بقیہ 25 صفحہ نمبر 7 پر

بولان، ٹرالر کھائی میں گرنے سے 1 شخص جاں بحق، 2 زخمی

پولیس جائے وقوع پر پہنچ گئی نعش اور زخمیوں کو ٹراما سینٹر مچھ منتقل کردیا گیا

ڈھاڈر (نمائندہ خصوصی) بولان کے علاقے مچھ کے قریب ٹرالر کھائی میں گرنے سے ایک شخص جاں بحق جبکہ دو افراد زخمی ہوگئے۔ پولیس کے مطابق بولان کے علاقے مچھ کے قریب مقامی ہوٹل کے مقام پر ٹرالر کھائی میں گرنے سے ایک شخص رحیم خان موقع پر جاں بحق جبکہ دو افراد شدید زخمی ہوگئے واقعہ کی اطلاع پر پولیس جائے وقوع پر پہنچ گئی نعش او...... بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 پر

ناقص نظام کے باعث باران رحمت عوام کیلئے زحمت بن گئی، پشتونخوا میپ

کیسکو کی نااہلی کے باعث 24 گھنٹے تک شہری بجلی سے محروم رہے، سید شراف آغا

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے رہنماؤں نے کہا ہے کہ ناقص نظام کے باعث باران رحمت عوام کیلئے زحمت بن گئی کوئٹہ شہر میں معمولی بارش کے بعد پورا شہر تاریکی میں ڈوب گیا، کیسکو کے ناقص انتظامات، نااہلی کے باعث 24 گھنٹے تک شہری بجلی سے محروم رہے، میٹروپولیٹن کارپوریشن اور صفا پروجیکٹ کے صفائی کے نظام کی بہتری کے دعوے بھی...... بقیہ 27 صفحہ نمبر 7 پر

ریلوے اراضی کے نام پر 40 ارب روپے سے زائد کا فراڈ، تحقیقات شروع

چمن اور کوئٹہ میں پی ٹی سی ایل کو اراضی لیز پر دینے اور کمرشل اراضی پر قبضے کی مد میں 13 ارب سے زائد رقم کی انکوائری

رائل پام کنٹری کلب کی لیز اور کرائے کی مد میں دو ارب 16 کروڑ 20 لاکھ سے زائد کے بقایاجات کی عدم وصولی کا انکشاف

ریلوے میں فراڈ اور اراضی پر غیر قانونی قبضے کی مالیت اربوں روپے کی ہے، نیب کیساتھ مکمل تعاون کرینگے، حنیف عباسی

لاہور (م ڈ) پاکستان کے چاروں صوبوں میں پاکستان ریلویز کی سیکڑوں ایکڑ قیمتی اراضی پر غیر قانونی قبضے اور لیز پر دینے کی مد میں ہونے والے 40 ارب روپے سے زائد مالیت کے فراڈ کا انکشاف ہوا ہے۔ فراڈ میں ملوث ریلوے افسران اور نجی کمپنیوں کے خلاف تحقیقات شروع تو ہوئیں مگر مکمل نہ ہوسکیں جس پر فراڈ کے یہ کیس نیب کے حوالے کردیے گئے۔ نیب نے وزارت ریلوے کی طرف سے موصول ہونے والے فراڈ کے ریکارڈ پر تحقیقات شروع کردیں۔ نیب کو کیس وزیر ریلوے حنیف عباسی کی منظوری ملنے کے بعد بھجوائے گئے۔ قومی...... بقیہ 29 صفحہ نمبر 7 پر

سبی اجتماع کے راستے میں لوٹ مار کرنیوالوں کو گرفتار کیا جائے، رمضان مینگل

نصیر آباد اور کچھی انتظامیہ کو عہدوں سے ہٹا کر فرض شناس آفیسران کو تعینات کیا جائے

کوئٹہ (آن لائن) سنی علماء کونسل بلوچستان کے امیر مولانا محمد رمضان مینگل نے سبی اجتماع کے اختتام کے بعد اپنے گھروں کو جانے والے لوگوں کو نوتال، بالا ناڑی اور ڈھاڈر بائی پاس کے علاقے میں نامعلوم ڈاکوؤں کی جانب سے موٹر سائیکلیں، موبائل فون اور نقدی لوٹنے کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ حکومت نصیر آباد اور کچھی انتظامیہ کو عہدوں سے...... بقیہ 28 صفحہ نمبر 7 پر

جے یو آئی بلدیاتی نظام کو عوامی خدمت کا ذریعہ بنائے گی، مولانا عبدالرحمن رفیق

کونسلرز کنونشن میں جے یو آئی کوئٹہ کی سب سے بڑی اور منظم جماعت ثابت ہوگی

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا عبدالرحمن رفیق، سیکرٹری جنرل حاجی عین اللہ شمس، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، مولانا محمد ایوب، حاجی قاسم خان خلجی، سید عبدالواحد آغا، شیخ مولانا عبدالاحد محمد حسنی، حافظ شبیر احمد مدنی، رحیم الدین ایڈووکیٹ حافظ مسعود احمد اور دیگر رہنماؤں نے انتخابی مہم کے سلسلے میں مختلف اجتماعات...... بقیہ 30 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ: جمعیت کے مرکزی رہنما مولانا حافظ حمد اللہ جامعہ مفتاح العلوم کچلاک کی سالانہ دستار فضیلت کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

سبی کا تین روزہ تبلیغی اجتماع اختتام پذیر، 2 لاکھ سے زائد فرزندان توحید کی شرکت

یہود و نصاریٰ کی جانب سے سازشوں کا سلسلہ جاری، امت مسلمہ اپنی صفوں میں اتحاد برقرار اور دشمن کو پہچانیں، علماء کرام

آج دین سے دوری کے باعث امت مسلمہ کو چیلنجز و مسائل کا سامنا ہے، قرآن وسنت پر عمل پیرا ہونا ناگزیر ہے، مقررین

اجتماعی دعا میں رقت آمیز مناظر، ملکی سلامتی، اسلام کی سربلندی کیلئے بھی خصوصی دعائیں، اختتام کے بعد قافلوں کی واپسی کا سلسلہ جاری

سبی (سلیم گشکوری سے) سبی کا تین روزہ عالمی تبلیغی اجتماع ملک وامت مسلمہ کی سلامتی کی دعاؤں کے ساتھ اختتام پذیر ہوگیا، تین روزہ عالمی تبلیغی اجتماع میں ملک بھر سے لاکھوں فرزندان توحید نے شرکت کی، تبلیغی اجتماع کی اختتامی دعا ممتاز عالم دین مولانا خورشید احمد نے پڑھائی، اختتامی دعا کے موقع پر رقت آمیز مناظر دیکھنے کو ملے، اجتماع کی اختتامی دعا کے موقع پر سیکورٹی کے فول پروف انتظامات کیے گئے تھے، تفصیلات کے مطابق سبی کا تین روزہ عالمی تبلیغی اجتماع اتوار کے روز صبح نو بجے اجتماعی دعا کے ساتھ اختتام پذیر ہوگیا، اجتماعی دعا...... بقیہ 45 صفحہ نمبر 7 پر

پارلیمانی سیکرٹری پریس آغا عمر احمدزئی سے سردار فخر الدین رودینی و دیگر ملاقات کر رہے ہیں

امریکا نے روس اور یوکرین کو آمنے سامنے بٹھانے کا فیصلہ کرلیا

ثالثی امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے خصوصی ایلچی اسٹیو وٹکوف کریں گے

میامی (م ڈ) امریکا نے یوکرین اور روس کے درمیان جنگ کے خاتمے کے لیے براہ راست مذاکرات کی تجویز دے دی ہے۔ یوکرین کے صدر ولادیمیر زیلنسکی نے کہا ہے کہ واشنگٹن نے چھ ماہ بعد پہلی مرتبہ یوکرین، امریکا اور روس کے درمیان آمنے سامنے مذاکرات کی پیشکش کی ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق یہ مجوزہ مذاکرات امریکی شہر...... بقیہ 31 صفحہ نمبر 7 پر

صحت کے شعبے میں سرمایہ کاری بڑھائی جائے، سینیٹر محمد عبدالقادر

بلوچستان کے لوگ علاج کیلئے دیگر شہروں کا رخ کرنے پر مجبور ہو رہے ہیں

کوئٹہ (آن لائن) چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے وفاقی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا ہے کہ بلوچستان میں کینسر، گردے اور دل کی جان لیوا امراض کے بروقت علاج کی سہولیات نہ ہونے کے باعث لوگ علاج کے لیے کراچی، لاہور اور دیگر بڑے شہروں کا...... بقیہ 32 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ کو ایڈمنسٹریٹر کی بجائے عوامی نمائندوں کی ضرورت ہے، میر کبیر محمد شہی

عوام، عدالت کے ذریعے بلدیاتی انتخابات رکوانے کی سازش کرنیوالوں کو مسترد کریں

کوئٹہ (آن لائن) نیشنل پارٹی کے مرکزی سیکرٹری جنرل میر کبیر محمد شہی نے کوئٹہ میں بلدیاتی انتخابات کے حوالے سے اہم اجلاس طلب کیا اجلاس میں سریاب ٹاؤن، چلتن ٹاؤن، زرغون ٹاؤن اور تکتو ٹاؤن کے امیدواران، پارٹی عہدیداران اور ذمہ داران نے بہت بڑ...... بقیہ 33 صفحہ نمبر 7 پر

حکومت عوامی مسائل میں اضافے کا باعث بن رہی ہے، انجمن تاجران

برادری سخت ذہنی اذیت میں مبتلا تاجر اپنا کاروبار بند کرنے کا سوچ رہے ہیں جس کے منفی اثرات مرتب ہوں گے، عبدالرحیم کاکڑ

زرنج (چنگ چی) رکشوں کو بند کرنے کی اجازت نہیں دے سکتے ضلعی انتظامیہ، آر ٹی اے، ٹریفک پولیس مناسب ٹیکس لیکر انہیں نمبر پلیٹس جاری کریں، پریس کانفرنس

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) مرکزی انجمن تاجران بلوچستان کے صدر عبدالرحیم کاکڑ نے کہا ہے کہ تاجر ملک کی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں لیکن حکومت تاجروں کے مسائل حل کرنے کی بجائے ان میں مزید اضافے کا باعث بن رہی ہے جس سے تاجر برادری سخت ذہنی اذیت میں مبتلا ہوچکی ہے اور تاجر اپنا کاروبار بند کرنے کا سوچ رہے ہیں جس کے ملک کی معیشت پر برے اثرات مرتب ہوں گے، کوئٹہ شہر میں ضلعی انتظامیہ اور ٹریفک پولیس کی جانب سے زرنج اور (چنگ چی) رکشوں پر پابندی کے فیصلے کو کسی بھی صورت قبول نہیں کریں گے انتظا...... بقیہ 46 صفحہ نمبر 7 پر

کراچی میں دھند سے حد نگاہ متاثر، کئی بین الاقوامی پروازوں کا رخ موڑ دیا گیا

کراچی (بیورو رپورٹ) صوبائی دارالحکومت کراچی کے مختلف علاقوں میں صبح کے وقت دھند کے باعث حد نگاہ انتہائی کم ہونے کی وجہ سے کئی بین الاقوامی پروازوں کا رخ دوسرے ایئرپورٹس کی طرف موڑ دیا گیا، کراچی میں صبح کے وقت سرجانی ٹاؤن، سپر ہائی وے، سہراب گوٹھ، گلستان جوہر، آئی آئی چندریگر روڈ، کلفٹن، ڈیفنس کے اطراف میں دھند کا راج رہا، اس کے علاوہ ایم نائن موٹروے پر حد نگاہ صفر رہی اور مختلف علاقے دھند کی لپیٹ میں رہے جبکہ ناردرن بائی پاس، یونیورسٹی روڈ اور کریم آباد سمیت شہر بھر میں دھند ریکارڈ کی گئی۔

منصوبوں کو بروقت مکمل کرنا حکومت کی ذمہ داری ہے، سلیم کھوسہ

منصوبوں کے معیار پر کوئی سمجھوتہ قبول نہیں، صوبائی وزیر مواصلات وتعمیرات

کوئٹہ (اے این این) وزیر مواصلات وتعمیرات بلوچستان میر سلیم کھوسہ نے کہا ہے کہ صوبے بھر میں سڑکوں کی بہتری ترقیاتی منصوبوں کو بروقت مکمل کرنا حکومت کی اہم ذمہ داری ہے بہتر سڑکیں ترقی کی ضمانت ہوتی ہیں اور اس سے نہ صرف عوام کو سہولت میسر بلکہ معاشی سرگرمیوں میں بھی اضافہ ہوتا ہے انہوں نے یہ بات کوئٹہ میں مختلف وفود سے ملاقات کے دوران کہی۔ ملاقات کرنے والے وفود میں سیاسی رہنما، بلدیاتی نمائندے، ٹھیکیدار، انجینئرز او...... بقیہ 47 صفحہ نمبر 7 پر

ایچ ڈی پی بلدیاتی اداروں کو پارلیمانی عمل کی نرسری سمجھتی ہے، عبدالخالق ہزارہ

پارٹی 19 یونین کونسلوں کے 60 وارڈز میں بھرپور انتخابی مہم چلا رہی ہے، مرزا حسین ہزارہ

کوئٹہ (آن لائن) ہزارہ ڈیموکریٹک پارٹی کے رہنماؤں نے کہا ہے کہ ایچ ڈی پی بلدیاتی اداروں کو سیاسی پارلیمانی عمل کی نرسری سمجھتی ہے جہاں سے ایک سیاسی کارکن عوام کی عملی خدمت کے ذریعے سیاسی عمل میں قدم رکھتا ہے اس لئے بلدیاتی اداروں کو مالی وانتظامی طور پر خودمختار بنا کر نچلی سطح پر اقتدار کی منتقلی یقینی بنائی جائے، تمام نہاد حکومتی جماعتیں انتخابات سے راہ فرار اختیار کرنے کی بجائے بلدیاتی کونسلوں کی انفراسٹرکچر اور لوازمات پوری کر...... بقیہ 49 صفحہ نمبر 7 پر

انٹرپول نے زلفی بخاری کیخلاف پاکستانی درخواست مسترد کردی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما زلفی بخاری کے خلاف انٹرپول کی جانب سے جاری کیا گیا ریڈ نوٹس منسوخ کردیا گیا جس کے بعد انٹرپول نے ان کے خلاف تمام تحقیقات ختم کرنے کی باضابطہ تصدیق بھی کردی۔ ذرائع کے مطابق پاکستان کی جانب سے زلفی بخاری کی حوالگی کے لیے جمع کرائی گئی درخواست کو انٹرپول نے مسترد کردیا۔ انٹرپول نے زلفی بخاری کے وکلا کو ارسال کیے گئے خط میں واضح کیا کہ پاکستان کی طرف سے فراہم کردہ معلومات اور شواہد کا تفصیلی جائزہ لینے کے بعد ریڈ نوٹس منسوخ کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔

پی کے نیپ کوئٹہ کو بدانتظامی سے نجات دلائے گی، محمد عیسیٰ روشان

عوام 28 دسمبر کو پی کے نیپ کے نامزد امیدواروں کو کامیاب بنائیں، نصراللہ زیرے

ایک شفاف اور بااختیار بلدیاتی نظام کی بنیاد رکھی جائے گی، رحمت اللہ صابر

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ کے غیور، باشعور اور باہمت عوام سے بجا طور پر پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کو یہ توقع ہے کہ وہ 28 دسمبر کو بلدیاتی انتخابات کے موقع پر انگور کے خوشے کے انتخابی نشان پر مہر لگا کر نہ صرف پشتونخوا نیپ کے نامزد امیدواروں کو کامیاب بنائیں گے بلکہ کوئٹہ کے باسیوں کو درپیش دیرینہ مشکلات اور بنیادی مسائل کے حل میں بھی ہمارا ساتھ دیں گے۔ عوام کی حمایت سے کوئٹہ کو کرپشن، کمیشن مافیا اور بدانتظامی سے نجات دلائی جائے گی اور ایک شفاف، عوام دوست اور بااختیار بلدیاتی نظام کی بنیاد رکھی جائے گی۔ ان خیالات کا اظہار پشتونخو...... بقیہ 48 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ سمیت بلوچستان کے کئی اضلاع میں شدید ٹھنڈ پڑنے کا امکان، سرد اور خشک موسم کی ایڈوائزری جاری

قلات، کوئٹہ، مستونگ، سوراب، قلعہ عبداللہ، پشین، قلعہ سیف اللہ اور زیارت میں درجہ حرارت نقطہ انجماد سے بھی گرنے کی توقع

کوئٹہ، پشین، مستونگ، زیارت، موسیٰ خیل ودیگر مقامات پر بارش اور پہاڑی علاقوں میں برفباری متوقع ہے، محکمہ موسمیات

کوئٹہ (خ ن) علاقائی موسمیاتی مرکز بلوچستان نے آئندہ دنوں کے دوران سرد اور خشک موسم کی ایڈوائزری جاری کرتے ہوئے خبردار کیا ہے کہ آئندہ ہفتے صوبے کے بیشتر علاقوں میں موسم خشک اور سرد رہے گا جبکہ بعض اضلاع میں درجہ حرارت نقطہ انجماد سے بھی نیچے گرنے کا امکان ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق قلات، کوئٹہ، مستونگ، سوراب، قلعہ عبداللہ، پشین، قلعہ سیف اللہ اور زیارت میں کم سے کم درجہ حرارت صفر ڈگری سینٹی گریڈ سے نیچے جانے کی توقع ہے، جس کے باعث سردی کی شدت میں نمایاں اضافہ ہوگا۔ اتوار کے روز صوبے...... بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 پر

بارش سے متاثرہ فیڈروں سے بجلی کی فراہمی جاری ہے، کیسکو

بارش کے باعث تکنیکی خرابی پیدا اور کئی فیڈرز سے بجلی کی فراہمی معطل رہی، ترجمان

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے ترجمان نے کہا ہے کہ ہفتے کے روز ہونے والی بارش کے نتیجے میں مختلف علاقوں میں 11kV فیڈروں میں تکنیکی خرابی پیدا ہوئی جسکے باعث صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں کئی فیڈرز کو بجلی کی فراہمی معطل ہوئی۔ ترجمان نے کہا کہ اس دوران بجلی بحالی کے سلسلے میں کیسکو کی ٹیمیں فیلڈ میں موجود رہیں تاہم شام تک موسم میں بہتری آنے اور بارش رکنے کے بعد حفاظتی اقدامات کو مدنظر رکھتے...... بقیہ 34 صفحہ نمبر 7 پر

کیا سزا یافتہ شخص کو احتجاج کے ذریعے رہا کرایا جاسکتا ہے؟ فیصل کریم

پشاور (بیورو رپورٹ) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے کہا ہے کہ بانی پی ٹی آئی اور بشریٰ بی بی سزا یافتہ ہیں، کیا کسی بھی سزا یافتہ شخص کو احتجاج کے ذریعے رہا کرایا جاسکتا ہے؟ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے سوال اٹھایا کہ بشریٰ بی بی کیسے غیر سیاسی ہوسکتی ہیں

ماما قدیر بلوچ آبائی علاقے سوراب میں سپرد خاک

نماز جنازہ میں سیاسی وسماجی رہنماؤں، انسانی حقوق کے کارکنان، وکلاء، طلباء، صحافی، قبائلی عمائدین شریک

سوراب (این این آئی) وائس فار بلوچ مسنگ پرسنز کے وائس چیئرمین ماما قدیر بلوچ کو ان کے آبائی علاقہ سوراب کی عیدگاہ قبرستان میں سپرد خاک کردیا گیا، ہزاروں افراد ماما قدیر کی خدمات کو خراج تحسین پیش کرنے کیلئے موجود تھے بلوچ عوام کے حقوق، لاپتہ افراد کی بازیابی اور انسانی حقوق کی جدوجہد کا استعارہ سمجھے جانے والے وائس فار بلوچ مسنگ پرسنز کے وائس چیئرمین ماما قدیر بلوچ کو گزشتہ روز عیدگاہ قبرستان سرخ سوراب میں سپرد خاک کردیا...... بقیہ 37 صفحہ نمبر 7 پر

جے آئی عوام کے اجتماعی قومی حقوق کیلئے جدوجہد کر رہی ہے، مولانا ہدایت الرحمن

جماعت اسلامی بلوچستان کے عوام کے اجتماعی قومی حقوق دلانے، ناانصافی، ظلم وجبر اور لاقانونیت کے خلاف جدوجہد کر رہی ہے

سب آزما لیے گئے ہیں، عوام کی امیدیں اب جماعت اسلامی سے وابستہ ہیں، جماعت اسلامی کسی کو مایوس نہیں کرے گی، صوبائی امیر

کوئٹہ (آن لائن) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے کہا کہ جماعت اسلامی بلوچستان کے عوام کے اجتماعی قومی حقوق دلانے، ناانصافی، ظلم وجبر وقانونیت کے خلاف جدوجہد کر رہی ہے سب کو آزما لیے گئے اب جماعت اسلامی سے عوام کو امیدیں وابستہ ہیں جماعت اسلامی کسی کو مایوس نہیں کرے گی۔ عوام جماعت اسلامی کا ساتھ دیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے کوئٹہ میں وفود سے ملاقاتوں میں گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ جماعت اسلامی حکومت میں نہ ہونے کے باوجود نوجوانوں طلبا ہو ہنر...... بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ پیکج اور دیگر منصوبوں کے معیار کا پول ہلکی بارش نے کھول دیا

معمولی بارش کے بعد کوئٹہ کی تمام سڑکیں جوہڑوں میں تبدیل ہوگئیں، نکاسی ندارد

مین بازار، گوالمنڈی چوک وگرد ونواح، نواں کلی میں سڑکوں پر عوام کا چلنا محال ہوگیا

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ اور ملحقہ علاقوں میں کوئٹہ پیکج اور دیگر منصوبوں کے تحت بننے والی نئی سڑکیں اور سروس روڈ میں کام کے معیار، گڈ گورننس کا پہلی بارش نے پول کھول دیا ہے اور زیر تعمیر اور بننے والی سڑکوں پر بارش کے پانی کی وجہ سے سڑکوں کے کنارے ٹوٹ گئے اور جگہ جگہ گڑھے پڑ گئے جس کی وجہ سے متعدد گاڑیاں ان گڑھوں میں پھنس گئیں اور شہر کے گنجان آباد علاقے گوالمنڈی چوک پر بھی سڑک کی تعمیر کے باعث بارش سے متعدد گاڑیاں گڑھوں میں پھنسی رہی اور شہری بھی ان گڑھوں میں گرتے رہے عوامی حلقوں نے...... بقیہ 36 صفحہ نمبر 7 پر

صوبائی وزیر میر عاصم کرد گیلو، ایم پی اے نواب اسلم رئیسانی اور سردار مسعود لونی ملاقات کر رہے ہیں

بلدیاتی انتخابات سے فرار جمہوری اقدار سے انحراف ہے، مولانا عبدالواسع

بلدیاتی انتخابات سے راہ فرار اختیار کرنے والوں کا موقف نہ صرف ناقابل فہم ہے بلکہ یہ جمہوری اقدار سے صریح انحراف ہے

اقتدار کے ایوانوں میں جمہوریت کے دعوے کیے جاتے ہیں مگر وقت آنے پر انتخابی عمل کو سبوتاژ کرنے کی کوشش کی جاتی ہے

کوئٹہ (این این آئی) صوبائی امیر جے یو آئی بلوچستان سینئر مولانا عبدالواسع نے کہا کہ بلدیاتی انتخابات سے راہ فرار اختیار کرنے والوں کا موقف نہ صرف ناقابل فہم ہے بلکہ یہ جمہوری اقدار سے صریح انحراف ہے۔ اقتدار کے ایوانوں میں بیٹھ کر جمہوریت کے دعوے تو کیے جاتے ہیں مگر جب عوام کو اپنے نمائندے منتخب کرنے کا وقت آتا ہے تو مختلف حیلے بہانوں کے ذریعے انتخابی عمل کو موخر یا سبوتاژ کرنے کی کوشش کی جاتی ہے۔ یہ طرز فکر اس امر کا واضح ثبوت ہے کہ بعض عناصر عوامی فیصلے سے خوفزدہ ہیں۔ جمعیت علماء اسلام کے نزدیک خدمت...... بقیہ 39 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان میں حکومت نام کی کوئی چیز موجود ہی نہیں، حافظ حمد اللہ

صوبے میں ٹارگٹ کلنگ، اغواء برائے تاوان، بدامنی اور مہنگائی کا طوفان برپا ہے

بلوچستان میں جمہوری نمائندگی کو عملاً اسمبلی سے بیدخل کردیا گیا، دستار فضیلت سے خطاب

کوئٹہ (آئی این پی) جمعیت علماء اسلام کے مرکزی رہنما مولانا حافظ حمد اللہ نے کہا ہے کہ بلوچستان میں حکومت نام کی کوئی چیز موجود نہیں، پورے صوبے میں ٹارگٹ کلنگ، اغواء برائے تاوان، بدامنی اور مہنگائی کا طوفان برپا ہے غیر اعلانیہ آمریت قائم ہے جس میں جمہوریت کی بات کرنا بھی جرم ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے بلوچستان کے شہر کچلاک میں جامعہ اسلامیہ مفتاح العلوم کی سالانہ دستار فضیلت کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا مولانا حافظ حمد اللہ نے کہا کہ بلوچستان میں جمہوری نمائندگی کو عملاً اسمبلی سے بیدخل کردیا گیا ہے اور ایک ہائبرڈ نظام کے تحت روبوٹ نمائندوں کو اسمبلیوں میں بٹھایا گیا ہے جو عوام کے اکثریتی نہیں بلکہ اپنے ذاتی مفادات کے محافظ ہیں انہوں نے کہا کہ ایسے نمائندوں کو عوام کے...... بقیہ 38 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان غزہ میں امن فورس کی تعیناتی کا حصہ نہ بنے، جمعیت نظریاتی

فلسطین میں امن فورس کی تعیناتی دراصل اسرائیلی فوج کو تسلیم کرنے اور حماس کو غیر مسلح کرنے کا منصوبہ ہے، مولانا عبدالقادر لونی

امریکی سرپرستی میں غزہ میں اسلامی ملکوں کی افواج تعینات کرکے حماس سے اسلحہ لینے کا خطرناک منصوبہ ہے، ڈاکٹر شمس الہدیٰ

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان کے امیر مولانا عبدالقادر لونی سرپرست اعلیٰ مولانا ڈاکٹر شمس الہدیٰ مرکزی جنرل سیکرٹری مفتی شفیع اللہ الدین صوبائی امیر خیبر پختونخوا قاضی گل الرحمن تکیال صوبائی امیر پنجاب مولانا ثناء اللہ صوبائی امیر سندھ مولانا عزیز احمد شاہ امروٹی مرکزی نائب امیر مولانا عبدالرؤف مرکزی ڈپٹی سیکرٹری مولانا محمود الحسن قاسمی مرکزی سیکرٹری مالیات حاجی حیات اللہ کاکڑ مرکزی ترجمان سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی نے کہا کہ پاکستان غزہ میں امن فورس کی تعیناتی کا حصہ نہ بنے۔ فلسطین میں امن فورس کی...... بقیہ 50 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ: این پی کے مرکزی سیکرٹری جنرل کبیر احمد محمد شہی نامزد امیدواروں وعہدیداروں کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں